ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو : سید ممتاز احمد
جلد 54 | بدھ 09 ربیع الاول 1447ھ 03 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 59
PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-11 | قیمت 35 روپے

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام سیاسی جماعتوں کو ڈائیلاگ کی دعوت، عوام کے حقوق سلب نہیں ہونے دینگے، وزیراعلیٰ

ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا، لیکن وہ جماعتیں جو اس ایوان کا حصہ نہیں ہیں کورٹ میں چلی گئیں بعد میں مائنز اینڈ منرلز بل سیاست کی نذر ہو گیا، میر سرفراز بگٹی

مسائل پارلیمنٹ میں حل ہونے چاہئیں اپوزیشن لیڈر تاریخ دیں سیاسی جماعتیں اور مائنز ایسوسی ایشن کے نمائندے، محکمہ معدنیات کے آفیسران اس پر بیٹھ کر بحث کریں، اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال

بلوچستان کے وسائل پر کسی کو عوام کی مرضی کے بغیر اختیار نہیں دینگے یہ ایکٹ دوبارہ اسمبلی میں لا کر اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اتفاق رائے سے منظور کیا جائے گا، پشین میں جلسے سے خطاب

ڈائیلاگ کی دعوت سیاسی بلوغت کا مظہر اور صوبے کے مفاد میں اہم فیصلہ، خیر مقدم کرتے ہیں، اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اعلان کو خوش آئند قرار دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام سیاسی جماعتوں کو ڈائیلاگ کی دعوت دیتے ہوئے سب کو اعتماد میں لینے کا اعلان کر دیا، اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیراعلیٰ کی جانب سے ڈائیلاگ کی دعوت کا خیر مقدم کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا، لیکن بعد میں مائنز اینڈ منرلز بل سیاست کی نذر ہو گیا، وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ وہ........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی ہمارا عزم ہے عوامی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور صوبے کے کسی حصے کو محرومی کا شکار نہیں رہنے دیا جائے گا منگل کو رکن صوبائی اسمبلی ظفر آغا کی دعوت پر پشین کے علاقے کربلا میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ آج میں کربلا آیا ہوں پشین کے بیشتر علاقوں کا دورہ کر چکا تھا مگر یہاں آ کر دل کی گہری مسرت ہوئی بلوچستان کے مسائل سنگین اور وسائل محدود ہیں لیکن ہم نے........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے مزید 28 اراکین اسمبلی قائمہ کمیٹیوں سے مستعفی

جنید اکبر، عامر ڈوگر، شاندانہ گلزار، ضیاء الدین، جاوید اقبال اور عادل اقبال خان شامل

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی کے مزید 28 اراکین اسمبلی قائمہ کمیٹیوں سے مستعفی ہو گئے، یوں پی ٹی آئی کے تعداد 47 ہو گئی۔ جنید اکبر، عامر ڈوگر، شاندانہ گلزار، ضیاء الدین...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

امدادی کیمپ میں سیلاب سے متاثرہ ماں اور اس کا بچہ کھڑا ہے ہیں

بنوں فتنہ الخوارج کا ایف سی ہیڈ کوارٹر پر حملہ، 6 جوان شہید، 5 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں نے ایف سی لائن میں داخلے کی کوشش کی ناکامی پر بارود سے بھری گاڑی دیوار سے ٹکرا کر دھماکا کر دیا

پشین میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کربلا کے مقام پر عوامی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

سیلاب ملتان میں داخل، سینکڑوں گاؤں زیر آب، دریائے سندھ میں پانی کی سطح مسلسل بلند

مظفر گڑھ میں بھی دریائے چناب اب تک 40 سے زائد موضع جات کو ڈبو دیا، فصلیں پانی کی نذر ہو گئیں

اوکاڑہ میں دریائے ستلج کے ریلوں سے 112 آبادیاں متاثر ہوئیں جب کہ سینکڑوں کچے مکانات دریا برد ہو گئے

سندھ کے 3 بیراجوں پر بدستور نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار، کچے کے علاقوں سے لوگوں کی نقل مکانی شروع

بیجنگ: وزیراعظم شہباز شریف چینی صدر شی جن پنگ اور روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے مصافحہ کر رہے ہیں

سی پیک کو دوسرے مرحلے میں داخل، چینی عملے منصوبوں کی حفاظت کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں، شی جن پنگ، تعلقات کا فروغ چاہتے ہیں، روسی صدر کی شہباز شریف سے گفتگو

پاکستان چینی باشندوں کی سلامتی یقینی بنائے، چینی صدر

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ساتھ ہیں

وزیراعظم کی چینی صدر سے ملاقات، چین کی کامیابیوں پر بہت فخر ہے، پاکستان اس عظیم سفر میں چین کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے ہمیشہ تیار رہے گا، وزیراعظم شہباز شریف کی بات چیت

دونوں ممالک کے درمیان تعلقات منفرد اور بے مثال ہیں چین اقتصادی ترقی کے تمام شعبوں میں پاکستان کی مدد جاری رکھے گا، پاکستان کے اقتصادی شعبوں پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، چینی صدر

پاکستان روس کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لئے کوشاں، تجارتی حجم میں اضافے سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے کے خواہاں ہیں، شہباز شریف

پاکستان خطے میں اہم شراکت دار اور دوست ملک ہے، ہمیں مل کر آگے بڑھنا ہے، ولادیمیر پیوٹن، پاکستان میں سیلاب سے نقصانات پر اظہار افسوس، شہباز شریف کو نومبر میں دورہ روس کی دعوت

بیجنگ (مشرق نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی ایشیا میں جامع مذاکرات کی نگرانی کیلئے چین کو دعوت دیتے........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بیجنگ (مشرق نیوز) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ساتھ بہترین تعلقات ہیں، پاکستان........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

دھماکہ امن دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی، سفاک دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیراعظم، وزیراعلیٰ

کوئٹہ و بلوچستان بھر میں افغان پناہ گزینوں کی موبائل سمز بند

وفاقی حکومت کے اقدام کے بعد افغان پناہ گزین مواصلاتی رابطوں سے محروم

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

3 ماہ تک سیاسی گفتگو ترک، سیلاب زدگان کیلئے ہدایت ہو، جائے عمران خان

فیصلہ آئل قائمہ کمیٹیوں سے استعفے واپس نہیں لیں گے، ارکین گاڑیاں، ڈرائیور اور چابیاں بھی واپس کریں

کالا باغ ڈیم پر گنڈاپور کا بیان ذاتی ہے، پارٹی پالیسی نہیں، اسد قیصر

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب روڈ پر دھماکہ، پولیس اہلکار سمیت 14 افراد جاں بحق، 30 سے زائد زخمی

جاں بحق ہونیوالوں میں اسپیشل برانچ کا اہلکار و سیاسی پارٹی کے کارکن اسحاق، نجیب اللہ شاہ، حنیف، وقار، حفیظ و دیگر شامل

پلاٹوں کی بوگس الاٹمنٹ، کیو ڈی اے افسر کیخلاف مقدمہ درج

جرمنی نے پاکستان میں پھنسے افغان مہاجرین کے ایک گروپ کو پناہ دیدی

افغان مہاجرین کو سہولیات ملنے کے لئے درخواست پر حکومت، وزارت داخلہ، نادرا سے جواب طلب

کسی کو عدالت کی بے حرمتی کی اجازت نہیں دیں گے، چیف جسٹس

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین اوگرا کی ماہانہ تنخواہ 15 لاکھ روپے، تفصیلات سامنے آگئیں

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی، شیخ محمد بن زید انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی آرڈیننس منظور

بلوچستان سیف اینڈ انوائرنمنٹل ساؤنڈ ری سائیکلنگ آف شپس کا مسودہ ایوان میں پیش، متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد

وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر صوبائی وزیر کا دورہ کوہ نصیر آباد

سی پیک فیز ٹو سے پاکستان چین کا تعاون نئی بلندیوں کو چھوئے گا، احسن اقبال

میڈیکل بورڈ نے بانی پی ٹی آئی کی صحت کو درست قرار دیدیا

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

فضل الرحمٰن نے 25 برس کالا باغ جیسا ڈیم نہ بنانا ملک اور نسلوں کیساتھ زیادتی ہے، علی امین گنڈاپور

گنڈاپور کی 7 پشتیں بھی کالا باغ ڈیم کو زندہ نہیں کر سکتیں، پی پی پی

بھارت کی پاکستان دشمنی کے باعث اتحادی آرمینیا کو بھی دھوکہ دے دیا

شوگر ایڈوائزری بورڈ کی سفارش پر چینی برآمد کا فیصلہ کابینہ نے کیا، انکشاف

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ تجارتی خسارہ 6 ارب ڈالر سے تجاوز

بھارت نے آبی جارحیت کرکے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، صادق سنجرانی

قومی اسمبلی کا بائیکاٹ، پی ٹی آئی اراکین نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر اسمبلی لگالی

جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد اسٹیشن پر روک دیا گیا

فتنہ الخوارج معصوم بچوں، شہریوں اور تعلیم و امن کے سب سے بڑے دشمن

وزیراعلیٰ نے مجبور باپ کی بچی کے علاج کی فریاد سن لی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل کی خصوصی ہدایات پر سیلاب سے متاثرہ کرتارپور میں بحالی کا کام تیز

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر



حکومت کے آئی ایم ایف مطالبات پر شدید تحفظات، تحریری چیلنج پر غور شروع کر دیا

یورپی یونین کا پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے غیر ملکی امداد کا اعلان

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

عید میلاد النبیؐ پر عوام کی جان و مال کا تحفظ، سہولیات کی فراہمی یقینی بنائینگے، ڈی سی کوئٹہ

فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی، جامع انتظامات کئے جارہے ہیں، جلوس کے داخلی مقامات پر واک تھرو گیٹ نصب ہونگے

تمام راستوں پر پولیس و ایف سی اہلکار ڈیوٹی سرانجام دینگے، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ ہوگی، مہر اللہ بادینی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے جلوسوں اور تقریبات کے حوالے سے تیاریوں کا جائزہ اجلاس ہوا۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، پولیس، ایف سی، کیسکو، ڈی ایچ او، پی ڈی ایچ آئی، واسا، پی ایچ ای، ہیڈ ایم اے، میٹروپولیٹن، صفا کوئٹہ، بی ایم سی ہسپتال، بے نظیر ہسپتال، شیخ زید ہسپتال کے نمائندوں سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 06 ستمبر کو 12 ربیع الاول کے جلوسوں کے موقع پر سیکورٹی کے جامع انتظامات کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی، جلوس کے داخلی مقامات پر واک تھرو گیٹ نصب ہوں گے جبکہ قندھاری بازار، پرنس روڈ، لیاقت بازار، عبدالستار روڈ اور مسجد روڈ کی دکانیں بند رہیں گی۔ تمام راستوں پر پولیس اور ایف سی کے اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ صفا کوئٹہ کو جلوس کے روٹس کی مکمل صفائی کی ہدایت کی گئی جبکہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کو صفائی اور اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی۔ واسا اور پی ایچ ای کو جلوس کے دوران پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا ٹاسک دیا گیا۔ تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ ہوگی اور پیرامیڈیکل اسٹاف سمیت ڈاکٹروں کی مکمل حاضری یقینی بنائی جائے گی۔ اجلاس میں کیسکو کو ہدایت دی گئی کہ محافل اور جلوسوں کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 ربیع الاول کے موقع پر عوام کی جان و مال کے تحفظ، صفائی، بجلی، پانی اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام محکمے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ادارے باہمی ہم آہنگی اور تعاون کے ساتھ فیلڈ میں موجود رہیں اور انتظامات کو سو فیصد عمل میں لائیں تاکہ جلوس اور تقریبات پُرامن اور خوش اسلوبی سے مکمل ہوسکیں۔

ڈی سی کوئٹہ مہر اللہ بادینی سے سپرنٹنڈنگ انجینئر کیسکو عبداللہ شاہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل قاضی امان اللہ ملاقات کررہے ہیں

عالمی برادری افغان زلزلہ متاثرین کی امداد کرے، جمعیت نظریاتی

حکومت موجودہ حالات میں مہاجرین کے انخلاء کو موخر کرنے کا اعلان کرے، عبدالستار چشتی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان سید عبدالستار شاہ چشتی نے امارت اسلامی افغانستان میں حکومت کی جانب سے گذشتہ نصف شب کو کنڑ میں زلزلہ کے بعد دور دراز علاقوں سے شہداء و زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتالوں پہنچانے کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت ہنگامی کارروائیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار و وفاقی وزیر داخلہ کے جانب سے افغان وزیر داخلہ اور وزیر خارجہ سے رابطہ اور ہر قسم کی امداد و تعاون کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ حکومت پاکستان سے زلزلہ میں زخمی افراد کو علاج کیلئے پاکستان بغیر ویزہ منتقل کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں تمام پاکستانی قوم مصیبت کی اس گھڑی میں اپنے افغان بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان افغان مہاجرین کے انخلاء کے آپریشن کو ان حالات میں موخر کرنے کا اعلان کرے تاکہ افغان حکومت کی جانب سے تباہ کن زلزلے کے متاثرین کیلئے جاری امدادی کارروائیاں متاثر نہ ہوں اللہ کی جانب سے قدرتی آفات اٹل ہے جس کی راہ روکی نہیں جاسکتی البتہ اس سے قبل قدرتی آفات جس سے پہلے پاکستان کے خیبر پختونخواہ اور پنجاب بھی سیلابوں سے متاثر ہیں اور اب پڑوسی برادر افغانستان میں تباہ کن زلزلہ نے تباہی مچادی ہے اور بڑے پیمانے پر افغانستان کو جانی و مالی نقصانات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی پاکستان افغان قوم کیساتھ اس المناک سانحہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ اور تمام ممالک سے اپیل کرتی ہے کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر زلزلہ متاثرین کے علاج معالجہ اور خوراک و دیگر امدادی سامان کی فراہمی کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر علی آغا پشین گلی کربلا میں عوامی جلسے سے خطاب کررہے ہیں

عوامی سہولت اور ریونیو میں اضافہ کیلئے اقدامات جاری ہیں، ایکسائز افسر کوئٹہ

اب تک 8000 سے زائد موٹر سائیکلیں رجسٹرڈ کر کے 8 کروڑ روپے ریونیو خزانہ میں جمع کرایا، حسن شاہ کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن افسر کوئٹہ حسن شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عوامی سہولت اور ریونیو میں اضافہ کے لیے بھرپور اقدامات کررہا ہے۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران ٹریفک پولیس کی جانب سے غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کے نتیجے میں اب تک 8000 سے زائد موٹر سائیکلیں رجسٹرڈ کی گئی ہیں جبکہ تقریباً 8 کروڑ روپے ریونیو کی مد میں سرکاری خزانے میں جمع کرائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کے کیسز کی بڑی تعداد کے باوجود محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا عملہ انتہائی محنت اور جانفشانی سے تمام کیسز کو جلد نمٹانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ اتنے قلیل وقت میں اتنی بڑی تعداد میں موٹر سائیکلوں کو رجسٹرڈ کرنا محکمہ کی کارکردگی اور عوامی خدمت کے عزم کا ثبوت ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں فوری طور پر رجسٹرڈ کرائیں تاکہ کسی بھی قانونی کارروائی سے بچ سکیں اور حکومت کے ریونیو میں شفاف انداز میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عوام کی سہولت اور ملکی ریونیو کے فروغ کے لیے دن رات سرگرم عمل ہے۔

مسلمانوں کو اللہ اور رسولؐ کے اتباع میں زندگی گزارنا چاہئے، ابراہیم منیب فاروقی

اپنے گناہوں پر معافی اور اللہ کے فضل و نبی کریمؐ کی شفاعت کے حصول کی دعائیں کریں، شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) خانقاہ منیبیہ مجددیہ خروٹ آباد کے زیر اہتمام نبی کریمؐ کے جشن ولادت کے حوالے سے محفل میلاد مصطفیؐ کا انعقاد کیا گیا، محفل کی صدارت پیر طریقت رہبر شریعت جعفر آغا جان فاروقی مجددی نے کی محفل میں علماء کرام، مشائخ، نعت خوانوں اور بڑی تعداد میں عاشقان رسولؐ نے شرکت کی، بعد نماز مغرب قرآن خوانی ہوئی اور درود پاک و ختم پڑھا گیا، بعد نماز عشاء نعت خوانی کی گئی، شرکاء سے بانی خانقاہ منیبیہ مجددیہ خروٹ آباد ابراہیم منیب فاروقی مجددی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دلوں کو سکون صرف اللہ تعالیٰ کی یاد سے ملتا ہے اور اپنے رب کو یاد رکھنے کا بہترین طریقہ ہر وقت اس کی نعمتوں کا خوب چرچا کرنا اور اس پر شکر ادا کرنا ہے اور نبی کریمؐ پر درود بھیجنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں میلاد مصطفیؐ منانے کے ساتھ اس عہد کی تجدید کرنا چاہیے کہ ہم اپنی زندگی اللہ تعالیٰ اور اسکے رسولؐ کی اتباع میں گزاریں گے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے ہر وقت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور نبی کریمؐ کی شفاعت کے حصول کی دعا کرتے رہنا چاہیے۔ محفل کے اختتام پر پوری امت مسلمہ کی دنیا و آخرت میں کامیابی اور ایمان کی سلامتی کے لئے دعا کی گئی اور بعد ازاں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

خانقاہ منیبیہ مجددیہ خروٹ آباد میں جعفر آغا مجددی کی زیر صدارت محفل میلاد مصطفیؐ جاری ہے ابراہیم آغا مجددی بھی موجود ہیں

صادق سنجرانی کے والد خان آصف خان کی وفات پر مختلف شخصیات کا اظہار تعزیت

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن/اے پی پی/ سٹی رپورٹر) سابق چیئرمین سینیٹ اور ایم پی اے میر صادق خان سنجرانی، ایم بلوچستان میر اعجاز علی خان سنجرانی اور سابق ایم ڈی سیندک جانی میر حاجی رازق خان سنجرانی کے والد خان آصف خان کے انتقال پر مختلف شخصیات کی جانب سے تعزیت کا اظہار کیا گیا جن میں صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و واسا سردار عبدالرحمٰن کھیتران بی اے پی کے صوبائی صدر و سابق نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی ایمان پاکستان تحریک کی چیئرپرسن رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ، حکمران بلوچستان کی چیئرپرسن ڈرچیمن مری اور صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اپنے الگ الگ بیان میں کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں پسماندگان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خان آصف خان سنجرانی کی بلوچستان اور یہاں کے عوام کے حقوق کیلئے خدمات کو بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے مرحوم ایک باوقار شخصیت کے مالک تھے انکی وفات سے پر ہونیوالا خلاء مدتوں پر نہیں ہوسکے گا۔

سینیٹر اسد قاسم روہنجو کی خوشدامن انتقال کرگئیں

اوتھل (نامہ نگار) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر امور، گلگت بلتستان و سیفران سینیٹر اسد قاسم روہنجو کی ساس انتقال کرگئیں مرحومہ قاضی شکیل احمد کی اہلیہ اور کاشف احمد ایگزیکٹو انجینئر سی ڈی اے کی والدہ محترمہ تھیں۔

بابو محمد یونس چھلگری کی والدہ انتقال کرگئیں

نصیر آباد (نامہ نگار) گورنمنٹ گرلز کالج ڈیرہ مراد جمالی کے بابو محمد یونس چھلگری محمد حسن چھلگری اور کانسٹیبل علی حسن چھلگری کی والدہ انتقال کرگئیں نماز جنازہ ادا کردی گئی ہے ان کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ہے جبکہ تعزیت کا سلسلہ چھلگری ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں جاری ہے۔

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی اجلاس کے موقع پر لورالائی ژوب زون کے روڈ منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں

طبی اداروں میں مریضوں کی نگہداشت کا اعلیٰ معیار یقینی بنایا جائیگا، ایچ سی سی

ہیلتھ کیئر کمیشن ٹیموں کا الشافی ہسپتال کا دورہ، ہسپتال انتظامیہ کو رجسٹریشن فارم اور تقاضے مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی لائسنسنگ، مانیٹرنگ اور ایویلیوایشن ٹیموں نے زرغون روڈ پر قائم الشافی ہسپتال کا دورہ کیا۔ یہ دورہ ہسپتال کی رجسٹریشن کی فزیکل ویری فکیشن اور یٹیشن اور فیلڈ مانیٹرنگ کے سلسلے کی ایک کڑی تھا۔ اس سے قبل بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی جانب سے 10 ہسپتالوں کی ویری فکیشن کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے، الشافی ہسپتال کو پرائیویٹ ہسپتال ایسوسی ایشن کی جانب سے نامزد کیا گیا تھا۔ دورے کے موقع پر ڈاکٹر فاریہ شاہ نے ہسپتال انتظامیہ اور عملے کے ساتھ اورینٹیشن سیشن منعقد کیا۔ ڈاکٹر لبنیٰ خالد اور ڈاکٹر بسم اللہ خان کاکڑ نے ہسپتال کے رجسٹریشن فارم میں فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کی۔ عملے کو نشاندہی کی گئی خامیوں پر رہنمائی دی گئی تاکہ رجسٹریشن فارم درست انداز میں مکمل کیا جا سکے۔ اے ڈی ایم اینڈ ای محمد حارث نے فیلڈ وزٹ کے دوران کلیدی اشاریوں کا جائزہ لیا۔

بلوچستان میں دہشتگردی نے عوام کا جینا محال کردیا ہے، رحیم کاکڑ

حکومتی ناکامی عوام کیلئے شدید مسئلہ بن گئی، بیان، افغانستان میں زلزلہ سے اموات پر اظہار افسوس

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر رحیم کاکڑ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں سیلاب کی تباہ کاریوں اور بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کیا کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کے سیلاب زدگان کی دل کھول کر مدد کرنے کا موقع ہے، جبکہ بلوچستان میں دہشتگردی نے عوام کا جینا محال کردیا ہے اور حکومت کی ناکامی عوام کے لیے شدید مسئلہ ہے۔ انہوں نے برادر اسلامی ملک افغانستان میں آنے والے تباہ کن زلزلے پر بھی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیکڑوں افراد شہید اور زخمی ہوئے ہیں اور کئی دیہات تباہ ہوگئے ہیں۔ انہوں نے ہوم سیکرٹری، آئی جی پولیس اور ڈی جی لیویز سے مطالبہ کیا کہ افغان مہاجرین کو عزت اور احترام کے ساتھ اپنے وطن واپس بھیجا جائے۔ پاکستان نے چالیس سالہ جنگ میں اپنی بقا کے لیے قربانیاں دی ہے اور اب ارباب اختیار کو چاہیے کہ وہ افغان بھائیوں کے ساتھ انسانیت کے اصولوں کے مطابق پیش آئیں۔

ہمسایہ ممالک افغان زلزلہ متاثرین کی بحالی میں کردار ادا کریں، پشتونخوا نیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی بیان میں افغانستان میں المناک زلزلے کے باعث سیکڑوں افراد کی شہادتوں پر افسوس و رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لیے دعا مغفرت کی گئی ہے اور لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ عالمی برادری، ڈونر ایجنسیاں اور ہمسایہ ممالک زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں غریب عوام کی امداد اور بحالی میں تعاون اور مدد کریں۔ افغانستان میں بدترین غربت بھوک و افلاس اور بے روزگاری کے باعث ملک کی آدھی آبادی مشکلات سے دوچار ہے۔

کوئٹہ، سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور ارکان اسمبلی ملاقات کررہے ہیں

صوبائی دارالحکومت میں آوارہ کتوں کی بہتات، سگ گزیدگی کے واقعات میں اضافہ

سرِ شام کتے ٹولیوں کی صورت دندناتے پھرتے ہیں، اکثر علاقوں کے رہائشی تو گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں

کتوں کو افزائش نسل روکنے کے انجکشن لگا کر شہر سے باہر ویرانوں میں منتقل کیا جائے، شہریوں کا حکومت سے مطالبہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں انتظامی غفلت اور لاپرواہی کے باعث کتوں کی تعداد میں بے تحاشہ اضافہ ہوتا جارہا ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، شہریوں کی جانب سے بارہا شکایت کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہورہی، اکثر سرِ شام ہی کتے ٹولیوں کی صورت شہر بھر میں دندناتے پھرتے ہیں کتوں کے کاٹنے کے کئی حادثات بھی ہوچکے ہیں اس کے باوجود متعلقہ حکام کی خاموشی انکی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ اس سلسلے میں مشرق کی سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے نقیب اللہ کاکڑ، عبدالاحد کاکڑ، زبیر بلوچ، رحمت اللہ کاکڑ و دیگر کا کہنا تھا کہ مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی بہتات نے لوگوں کو شدید خوف میں مبتلا کردیا ہے رات کے اوقات میں اکثر علاقوں کے لوگ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں، اس وقت سب سے زیادہ نواں کلی، کوتوال، کلی عمر، مین عالمو چوک، عالمو بائی پاس، ہنہ روڈ، کواری روڈ، جان محمد روڈ، اختر محمد روڈ اور گردونواح میں کتوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا ہے ہر گلی محلے میں کتوں کی موجودگی شہریوں کیلئے باعث پریشانی ہے۔ گلی محلوں میں بچے بھی کھیلنے کودنے میں مصروف رہتے ہیں ایسے میں آوارہ کتوں کی موجودگی کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی جانب کارروائیاں محض کاغذی ہیں زمینی حقیقت یکسر مختلف ہے، کیونکہ جا بجا کتے ٹولیوں کی صورت دندناتے پھرتے ہیں اور دوسری جانب انتظامیہ کی جانب سے کتا مار مہم کی باتیں سمجھ سے بالاتر ہیں یا پھر انتظامیہ کسی اور شہر میں جا کر کارروائیاں کررہی ہے جو یہاں کے شہریوں کو نظر نہیں آرہیں۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ خواتین اور بچے خوف و ہراس کا شکار ہیں گھروں سے نکلنے کی صورت کتے بھونکنا شروع کردیتے ہیں جس سے خوف و ہراس میں اضافہ ہورہا ہے اور لوگ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اکثر علاقوں میں کتوں کے کاٹنے کی شکایات بھی باقاعدگی سے موصول ہورہی ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ کتوں کیخلاف مہم شروع کی جائے اگر عالمی یا دیگر قوانین کے باعث انہیں مارا نہیں جاسکتا تو کم از کم انہیں آبادی والے علاقوں سے پکڑ کر مخصوص انجکشن لگا کر شہر سے باہر کسی ویرانے میں منتقل کیا جائے تاکہ مزید افزائش نسل بھی رک سکے اور شہری سکون کی زندگی بسر کرسکیں۔

محرم و صفر انتظامات پر امام بارگاہ ناصر العزا کا اظہار تشکر

امام بارگاہ انتظامیہ نے آرمی، پولیس، انتظامیہ اور اہل محلہ کے بھرپور تعاون کو سراہا

کوئٹہ (پ ر) مرکزی امام بارگاہ ناصر العزاء کے صدر، نائب صدر، جنرل سیکرٹری و دیگر عہدیداران نے اپنے مشترکہ بیان میں محرم الحرام اور صفر کے دوران سیکورٹی سمیت دیگر بہترین انتظامات کرنے پر پاک آرمی، آئی جی پولیس، ڈی آئی جی پولیس، آئی جی ایف سی، ایس ایس پی سیکورٹی، ایس ایس پی قائد آباد، ڈی ایس پی قائد آباد، ایس پی سٹی، ڈی ایس پی سٹی، ڈی ایس پی گوالمنڈی، ڈپٹی کمشنر، میٹروپولیٹن کارپوریشن، دیگر افسران و عملے، سیاسی، سماجی رہنماؤں اور اہل محلہ کے بھرپور تعاون پر شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ بھرپور تعاون کے باعث جلوس عزاء اور مجالس کا انعقاد بہت بہتر طریقے سے انجام پایا۔ امام بارگاہ کی کابینہ تمام سیکورٹی و دیگر اداروں کے سربراہان اور اہل محلہ کی مشکور و ممنون ہے اور امید ہے کہ آئندہ بھی بھرپور تعاون جاری رہیگا۔

حضرت محمدؐ کی سیرت پر عمل میں دنیا و آخرت کی کامیابی ہے، سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل کوئٹہ کے صدر علامہ عبدالرحیم ساجد، جنرل سیکرٹری قاری ایوب معاویہ، مولانا مقبول شاہ، مولانا ایوب انصاری، مولانا فضل صدیقی، قاری نذیر احمد فاروقی، محمد آصف مینگل، شکیل احمد گجر، میر عبدالمالک، مولانا عبدالرازق و دیگر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات نے کفر و شرک، مخالفت اور تکذیب کے اندھیروں کو ختم کیا۔ حضور ﷺ کی ولادت اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ہے، جو علم و حکمت اور دین کی سرپرستی کا ذریعہ ہے۔ آپ کی تعلیمات نے معاشرے کو روشن کیا اور ظلم و فساد کی تاریکیوں کو مٹایا۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا اور فکری یلغار کے اس دور میں نوجوانوں کو دین اور سیرت النبی ﷺ کی تعلیمات سے جوڑنا وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ حضرت محمد ﷺ کی سیرت کا مطالعہ اور اس پر عمل ہی دنیا و آخرت کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کو اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا تاکہ بیرونی سازشوں کا موثر جواب دیا جاسکے۔

این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ دگنا کیا جائے، مسلم لیگ

وسائل سے مالا مال صوبے کے عوام بھوک افلاس اور بیروزگاری کا شکار ہیں، چوہدری شبیر

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر نے کہا ہے کہ بلوچستان کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے این ایف سی ایوارڈ میں صوبے کا حصہ دگنا کیا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان نہ صرف پاکستان کی ترقی و خوشحالی کا گیٹ وے ہے بلکہ ملک و قوم کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ اور اسکے عوام آج بھی زندگی کی بنیادی ضروریات سے محروم بھوک افلاس اور بیروزگاری کا شکار ہیں۔ وفاقی حکومت سمیت دیگر صوبوں کو بلوچستان کی اہمیت کو مدنظر رکھتے اسکی پسماندگی کے خاتمے اور گزشتہ ناانصافیوں کا ازالہ کرنا چاہئے مسائل کی دلدل میں جکڑے عوام کو ترقی و خوشحالی کے سفر میں پوری قوم کے ساتھ برابری کی سطح پر شامل کرنے کے لیے مالیاتی کمیشن میں بلوچستان کا حصہ دگنا کرنے میں مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف سیاسی جماعتیں بلکہ سول سوسائٹی پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے۔

فطرت سے چھیڑ خانی: زمین بچائیں، نسلوں کو محفوظ بنائیں

صدائے جرس

نواز بگٹی

پشتو میں ایک کہاوت ہے کہ د بریشنا پہ تارو او د طبیعت پہ کار وٹو کی مہ وہہ۔۔۔ مطلب یہ ہے کہ فطرت سے چھیڑ چھاڑ نہیں کرنی، یہ کہاوت فطرت سے چھیڑ چھاڑ کے سنگین نتائج یاد دلاتی ہے۔ پاکستان میں حالیہ سیلاب اس کی واضح مثال ہیں۔ ذرا اس ماں کا سوچو جو کل تک شانگلہ میں اپنے بچوں کے ساتھ ہنسی خوشی زندگی گزار رہی تھی، آج سیلاب کے پانیوں سے انہیں بھوک سے بچانے کی جنگ لڑ رہی ہے۔ فطرت طاقتور ہے، لیکن ہمارے اعمال اسے اور خطرناک بناتے ہیں۔ جنگلات کی کٹائی نے مٹی کی گرفت کمزور کی، معمولی بارش دیہات بہالے جاتی ہے، فصلیں تباہ ہوجاتی ہیں۔ پنجاب کا کسان اپنی برباد فصلوں کو دیکھتا ہے، اس کی آنکھوں میں قرضوں اور بھوک کا ڈر ہے، وہ اپنے بچوں کو روٹی دینے کی امید کھو چکا ہے۔ لاہور میں غیر قانونی تعمیرات نے نکاسی کا نظام مفلوج کیا، شہر دنوں تک ڈوبا رہتا ہے۔ کراچی کا تاجر اپنی دکان کے ملبے میں کوئی کمائی کا نکلتا ہے، مایوسی اسے توڑ رہی ہے، کیونکہ اس کا کاروبار بحال کرنا اب محض خواب بن چکا ہے۔ یہ تباہی فطرت کا قہر نہیں، ہماری اجتماعی ناکامی ہے۔ صنعتی سرگرمیاں اور توانائی کا غلط استعمال گرین ہاؤس گیسوں کو بڑھاتا ہے، مون سون شدید اور غیر متوقع ہوگئے۔ IPCC کی 2022 رپورٹ کہتی ہے کہ 1 ڈگری درجہ حرارت بڑھنے سے شدید بارشوں کی تعداد 1.7 گنا بڑھتی ہے۔ ترقی یافتہ ممالک، جو 55% اخراج کے ذمہ دار ہیں، پاکستان جیسے ممالک کو فنانس اور ٹیکنالوجی دینے کے پابند ہیں (UNOCHA، 2025)۔ این ڈی ایم اے کی 31 اگست 2025 رپورٹ کے مطابق، خیبر پختونخوا میں 479 اموات، 347 زخمی، 2,113 گھر تباہ ہوئے، شانگلہ بدترین متاثر۔ پنجاب میں 209 اموات، 584 زخمی، 2,300 دیہات ڈوب گئے۔ لاہور میں راوی کی طغیانی نے تباہی مچائی۔ سندھ میں 58 اموات، 2 ملین بے گھر ہوسکتے ہیں۔ کراچی میں نالوں کی بندش سے شہری علاقے زیر آب آئے۔ مجموعی طور پر، 850 اموات، 1,150 زخمی، 9,000 گھر، 658 کلومیٹر سڑکیں، اور 238 پل تباہ ہوئے۔ جرمن واچ (2025) کے مطابق، گلیشیئرز کا پگھلنا اور مون سون اربوں ڈالر کا نقصان کررہے ہیں۔ یہ آفات گورننس کی ناکامی کو بھی عیاں کرتی ہیں۔ ارلی وارننگ سسٹم کی کمی اور لاہور و کراچی میں غیر قانونی تعمیرات کی اجازت نے نقصان بڑھایا۔ شہری کیا کریں؟ درخت لگائیں، پانی بچائیں، پلاسٹک کم کریں۔ کمیونٹی رینجر جیسے پروگرام اپنائیں، جیسے دریا کنارے پودے لگانا۔ ریاستی سطح پر، جنگلات کی کٹائی پر پابندی، نکاسی کی بحالی، اور شمسی توانائی کو فروغ دینا لازمی ہے۔ واٹرشیڈ مینجمنٹ سیلاب کی شدت کم کرسکتا ہے سیلاب نے تباہی مچائی، فوری امداد اور بحالی درکار ہے۔ امداد عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے ہونی چاہیے۔ ترجیحی پروگرام واش سہولیات، اور طبی مراکز ناگزیر ہیں۔ سندھ میں 2022 کے واش پروگرام نے بیماریاں 15% کم کیں (ریلیف ویب)۔ بین الاقوامی کلائمیٹ فنانس سے نیشنل اڈاپٹیشن پلان مضبوط ہو، جیسے واٹرشیڈ کے لیے سو ملین ڈالر کیسالانہ فنڈنگ۔ ہمارے اعمال فطرت کو شہ دیتے ہیں۔ اگر اب نہ سنبھلے، سیلاب ہماری نسلیں بہالے جائیں گے۔ یہ آفات سبق ہیں، فطرت کے ساتھ ہم آہنگی کی دعوت ہیں۔ کیا ہم یہ دعوت قبول کریں گے؟ آج عہد کریں، اپنی زمین بچائیں، اپنی نسلیں محفوظ کریں۔

صوبائی محتسب کے احکامات پر محکمہ تعلیم کے ریٹائرڈ ملازم کی دادرسی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان کی بروقت کارروائی پر محکمہ خزانہ نے محکمہ تعلیم کے ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ محمد رمضان ولد حاجی علی خان کو زائد کٹوتی کردہ رقم واپس کردی۔ شکایت گزار نے موقف اختیار کیا تھا کہ جنرل انشورنس کیس میں 860 روپے ماہانہ کی بجائے 1520 روپے کٹوتی کی گئی جس سے ان کے واجبات میں 8660 روپے زائد منہا ہوگئے۔ محتسب دفتر نے کیس کی سماعت کے بعد محکمہ خزانہ سے جواب طلب کیا، جس پر متعلقہ ادارے نے 8640 روپے شکایت گزار کے اکاؤنٹ میں جمع کرادیے۔

مولانا ہدایت الرحمن آج پریس کانفرنس کرینگے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ صوبائی ذمہ داروں کے ہمراہ آج 3 ستمبر بدھ کو شام ساڑھے پانچ بجے کوئٹہ پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس کرینگے۔

گیس بجلی کے بلوں میں اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن کردی، جے ڈبلیو پی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے رہنماء حاجی بصیر خان بارکزئی نے کہا ہے کہ ملک میں جاری مہنگائی، بجلی و گیس کے بلوں میں ظالمانہ ٹیکسوں نے غریب عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے آج کا عام آدمی دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہا ہے۔ گھروں میں سکون کی بجائے لڑائیاں بڑھ گئی ہیں، والدین اپنے بچوں کی بھوک دیکھ کر خون کے آنسو رو رہے ہیں اور عوام دل، شوگر اور ڈپریشن جیسے امراض میں مبتلا ہورہے ہیں۔ یہ ظلم کوئی قدرتی آفت نہیں بلکہ حکمران طبقے کی جبری، ناکام اور عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ ایک طرف محنت کش عوام اپنا پیٹ کاٹ کر ٹیکسوں کی شکل میں خون پسینہ حکومت کے خزانے میں بھرتے ہیں اور دوسری طرف یہی حکمران اشرافیہ اپنے حواریوں کے ساتھ عیش و عشرت میں مست ہیں۔ ان کے محلات روشن ہیں جبکہ عوام کے گھروں میں اندھیرے چھائے ہیں۔ ان کے دسترخوان بھرے ہیں مگر عوام فاقوں پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر بجلی و گیس پر ناجائز اور ظالمانہ ٹیکس ختم کیے جائیں۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے۔ غریب اور متوسط طبقے کو معاشی تحفظ فراہم کیا جائے۔ اگر یہ عوام دشمن پالیسیاں نہ رکیں تو مظلوم عوام کا صبر مزید آزمایا نہ جاسکے گا۔

سیرت انبیاء و پیغام پاکستان کانفرنس، اتحاد و یکجہتی پر زور

نبی کریم ﷺ کی تعلیمات اخوت، امن اور بھائی چارے کا پیغام ہیں، مولانا سمیع اللہ

کوئٹہ (پ ر) مولانا حافظ سید سمیع اللہ آغا کی زیر صدارت "سیرت انبیاء و پیغام پاکستان کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا، جس میں علماء کرام اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا سید سمیع اللہ آغا نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ نہ صرف مسلمانوں بلکہ پوری انسانیت کے لیے امن، اخوت اور عدل کا پیغام ہے۔ آپ ﷺ کی حیات مبارکہ ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ امت کی بقا اور ملک کا استحکام صرف اتحاد، بھائی چارے اور پرامن جدوجہد سے ہی ممکن ہے۔ انتشار، فرقہ واریت اور فساد کبھی بھی ترقی و استحکام کا ذریعہ نہیں بن سکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "پیغام پاکستان" دراصل سیرت نبوی ﷺ کی تعلیمات کا عکس ہے، جو ہمیں ایک ایسا قومی بیانیہ فراہم کرتا ہے، جس پر عمل پیرا ہو کر ہم پاکستان کو امن و استحکام کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔ مولانا حکمت اللہ شاہ، مولانا نجیب اللہ رحمانی اور مولانا نجم الدین شاہ چشتی نے اپنے خطابات میں اس بات پر زور دیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "حقیقی مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔" مقررین نے کہا کہ یہ تعلیم پاکستان جیسے کثیر المذاہب اور کثیر المسالک ملک میں امن، بھائی چارے اور رواداری کو مضبوط کرتی ہے۔ علمائے کرام نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے بابرکت ایام ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ میں اخوت، مساوات، معاشرتی انصاف اور بین المذاہب رواداری کی ایسی مثال قائم کی جو قیامت تک انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔

ایران کے قونصل جنرل علی رضا رجائی اور ڈاکٹر محمد اسدی کی قیادت میں وفد جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ سے ملاقات کررہا ہے

جامعہ کراچی کی زمین پر قبضہ کی کوشش تعلیم پر حملہ ہے، جے ٹی آئی

پارک بنانے سے بہتر ہے میڈیکل کالج بنایا جائے، تعلیمی مراکز پر ہاتھ ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ نائب صدر حافظ محمد موسیٰ ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالقاہر روبینی فضل الرحمان روبینی اور رحمت اللہ سلیمان خیل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جامعہ کراچی کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش نہایت افسوسناک اور تشویشناک ہے جامعہ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ ہے جہاں ملک کے کونے کونے سے آئے ہزاروں طلباء و طالبات تعلیم حاصل کرتے ہیں یہ ادارہ ہمارے نوجوانوں کے مستقبل کی ضمانت اور ایک قومی اثاثہ ہے انہوں نے کہا کہ قومی تعلیمی اداروں کی زمینوں پر قبضہ کرنا دراصل تعلیم پر حملہ اور طلباء کے مستقبل کو تباہ کرنے کی سازش ہے اگر یونیورسٹی کی زمین ہی محفوظ نہ رہے تو نئی نسل کا مستقبل کیسے محفوظ رہ سکتا ہے انہوں نے کہا کہ پارک بنانے سے بہتر ہے کہ یہاں میڈیکل کالج بنایا جائے جمعیت طلباء اسلام حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ فوری طور پر اس قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کرے اور جامعہ کراچی کی زمین کو ہر قسم کے خطرات سے محفوظ بنایا جائے انہوں نے کہا کہ تعلیمی مراکز پر ہاتھ ڈالنا تعلیم دشمنی ہے۔

بولان اکیڈمی کے زیراہتمام کل ختم نبوت وشعور کے موضوع پر سیمینار ہوگا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بولان اکیڈمی کے ایک اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ستمبر پاکستان میں ختم نبوت و قادیانی تحریک کے حوالے سے جانا جاتا ہے جس میں مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ اور دیگر اکابرین کو قید و بند کے ساتھ پھانسی کی سزائیں تک سنائی گئیں آج پچاس ساٹھ سال کے بعد معاشرتی و سماجی طور پر ختم نبوت و شعور نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق احساس و ادراک کیا گیا ہے بطور خاص اردو انگریزی لٹریچر کے ساتھ پشتو بلوچی اور براہوئی زبانوں میں ترجمہ و تخلیق کی صورتحال کیا ہے اسی پس منظر میں بولان اکیڈمی (تحقیق تحریک ترقی) کے زیر اہتمام ختم نبوت و شعور نبوت ادب و اذہان میں سوالات و چیلنجز کا حل سیمینار و ڈائیلاگ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ جو 04 ستمبر بروز جمعرات 10 ربیع الاول سہ پہر 3 بجے کانفرنس روم دفتر بولان اکیڈمی ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی میں ہوگا صرف رجسٹرڈ طلباء و شرکاء شرکت کرسکتے ہیں۔

CORRIGENDUM

The tender bearing No. TSE-252608819233 published vide PRQ No.728/21-08-2025 in daily newspapers dated 22-08-2025. Wherein the bidding document and the evaluation criteria has been revised and the last date for bid submission is extended up to 08-09-2025 at 11:00 AM. For other details please visit download the revised bidding documents from BPPRA official website https://bppra.gob.pk

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
KALAT

PRQ No.1012/02-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With Reference NIT published in Daily newspapers Quetta News appears on the 14 th August 2025 under PRQ No.586/13-08-2025. Values of Remedying defect and Evaluation Criteria has been corrected on Bppra site. As per instruction. following TSE's No. 1. TSE-252608810923, 2. TSE-252608810933, 3 TSE-252608810953, 4. TSE-252608810993 5. TSE-252608811203 6. TSE-252608811223 7. TSE-252608811233 8. TSE-252608811243 9. TSE-25260881125310. TSE-252608811303 11. TSE-252608811353. 12. TSE-252608811363 13. TSE-25260881138314. TSE-25260881139315. 16. TSE-252608811423 17. TSE-252608811433 18. TSE-252608811443 19. TSE-252608811473 20. TSE-252608811483 21. TSE-252608811503 22. TSE-252608811873 23. TSE-252608811883 24. TSE-252608811893 25. TSE-252608811913 26. TSE-252608811923 27. TSE-25260881194328. TSE-252608811953 29 TSE-252608811983 The date of Tender calling/ opening on 08-09-2025. other terms and conditions will remain same.

Executive Engineer
Public Health Engineering Division
Kohlu

PRQ No.1010/02-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے انٹرویو شیڈول خالی آسامیاں

ایسے تمام درخواست دہندگان جنہوں نے بلوچستان زرعی کالج کوئٹہ میں بحوالہ اشتہار نمبر PRQ No, 4680 بمورخہ 30-05-2025 کو مختلف اخبارات میں شائع ہونے والے پیش امام، جونیئر کلرک، الیکٹریشن، کارپنٹر اور سٹور کیپر اسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کروائی تھی اور بمورخہ 23-08-2025 کو بلوچستان زرعی کالج کوئٹہ میں تحریری امتحان میں شامل ہوئے تھے، نیز ایسے تمام درخواست دہندگان جنہوں نے ڈرائیور، لیبارٹری اٹینڈنٹ اور بیلدار کیلئے درخواستیں جمع کئے تھے، ان تمام کو بذریعہ اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے انٹرویو درج ذیل شیڈول کے مطابق بلوچستان زرعی کالج کوئٹہ میں منعقد ہونگے۔

نام اسامی	تاریخ اور وقت انٹرویو
پیش امام (بی-14)	09-09-2025 Time 09:30am
جونیئر کلرک (بی-11)	10-09-2025 Time 09:30am
کارپنٹر (بی-08)	11-09-2025 Time 09:30am
سٹور کیپر (بی-11)	11-09-2025 Time 09:30am
الیکٹریشن (بی-08)	11-09-2025 Time 09:30am
ڈرائیور (بی-04)	12-09-2025 Time 09:30am
لیبارٹری اٹینڈنٹ (بی-02)	13-09-2025 Time 09:30am
بیلدار (بی-01)	13-09-2025 Time 09:30am

تمام اہل امیدواران بمعہ اپنے اصل کاغذات یعنی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، لوکل ڈومیسائل و دیگر ضروری کاغذات درج بالا شیڈول کے مطابق مقررہ وقت پر پہنچ جائیں۔ انٹرویو میں شامل ہونے کیلئے کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائیگا۔

پرنسپل بلوچستان زرعی کالج
081-9241302

PRQ No1021/02-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج اے ٹی سی مکران گوادر

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان

FIR نمبر 15/2025 سرکار بنام:۔ اختر ندیم عرف میجر گرام بلوچ وغیرہ CTD تھانہ مکران

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گرام بلوچ ولد لعل بخش قوم بلوچ سکنہ ملکے ضلع آواران جرم 7 ATA ت پ 353,324, 21-i کا جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 7 ATA ت پ میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بمطابق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گرام بلوچ مذکور دستیاب نہیں ہوسکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گرام بلوچ مذکور فرار ہوگیا ہے یا اس نے وارنٹ نے تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گرام بلوچ سکنہ ملکے ضلع آواران کو لازم ہے کہ بتاریخ 22 ماہ ستمبر 2025 کو بمقام اس عدالت میں (یا ہمارے روبرو) نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج
ATC گوادر

PRQ No1024/02-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief officer Municipal Committee Gandawa invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000, and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	PURCHASE OF MACHINERY FOR MUNICIPAL COMMITTEE GANDAWAH TSE-252609838593	15,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **19 September, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **19 September, 2025** till **11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM**
Address: Chief officer Municipal Committee Gandawa
Phone no: 0837430020 **Email:** engineersabir17@gmail.com.

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
GANDAWAH

AB No.222/2-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL SOUTH invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.
Tender Fee 500 and Bid Security 2% for each work

S No	TSE-No	Name of Scheme	Estimated Cost	Last date of Bid submission	Date & time of Bid opening
1	252608833113	INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM IN KILLI ASIF KADEKUCHA MASTUNG.	2,500,000	22nd Sep: 2025 upto 10:00Am	22nd Sep: 2025 at 11:00AM
2	252609838253	INSTALLATION OF HOME SOLAR SYTEM IN KILLI WALT KHAN HAFIZ MASTUNG.	10,000,000	23rd Sep: 2025 upto 10:00Am	23rd Sep: 2025 at 11:00AM
3	252609837833	INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM IN KILLI HAFIZ KHAIR-UD-DIN DASHT MASTUNG.	2,500,000	24th Sep: 2025 upto 10:00Am	24th Sep: 2025 at 11:00AM
4	252609838353	INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM IN KILLI RAMZAN KALAT	20,000,000	25th Sep: 2025 upto 10:00Am	25th Sep: 2025 at 11:00AM
5	252609837183	INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM IN ISPLINJI ZEHRI GATT MASTUNG	10,000,000	26th Sep: 2025 upto 10:00Am	26th Sep: 2025 at 11:00AM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules — 2014. **Eligibility of Bidders**: Presence in Active Taxpayer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 1 assignment of similar nature of work. Turnover of at least following amount as tabulated below, in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm.

S.No	TSE No.	Turn over in 3 subsequent previous years
1	252608833113	PKR. 2,500,000
2	252609838253	PKR. 10,000,000
3	252609837833	PKR. 1,750,000
4	252609838353	PKR. 14,000,000
5	252609837183	PKR. 7,000,000

Registration with Pakistan Engineering Council (PEC) C-6 and above (up to 25 million) in relevant category and specialized code is EE11(i) (Solar). **Procedure of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned **@500 PKR** and can also be downloaded from BPPRA website. **Issuance of Tender Documents:** From the date of publication of NIT to opening of bid as mentioned above against each scheme, during office hours on working days. **Last date of bid submission**: The tenders must be submitted latest by given deadline, as mentioned above in respect of each scheme. **Tender opening:** All tenders will be opened on scheduled date & time as mentioned above. **Address:** C-30, Railway Housing Society, Joint Road, Quetta. **Phone no:** 0321-8017560 Email: dmjaffar76@gmail.com

Director General (South)
Energy Department

PRQ No.1017/02-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

جعفرآباد کے عوام کی ممکنہ سیلابی صورتحال میں ہر ممکن مدد کریں گے، عبدالمجید بادینی

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ نے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلعی حکام سے ملاقات کی

آفیسران نے سیلابی خطرات کو مدنظر رکھتے ہوئے عوامی مفاد میں اٹھائے گئے اقدامات سے رکن صوبائی اسمبلی کو تفصیلاً آگاہ کیا

جعفرآباد (خ ن) ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ و رکن صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی نے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جہاں تمام متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر آفیسران نے سیلابی خطرات کو مدنظر رکھتے ہوئے عوامی مفاد میں اٹھائے گئے اقدامات سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے ضلع بھر میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے جاری تیاریوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مختلف مقامات پر مشینری کو عملے سمیت الرٹ رکھا گیا ہے، سول ہسپتالوں اور دیگر طبی مراکز میں ضروری ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تحت پینے کے صاف پانی کی دستیابی کے لیے اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ فلڈ ایمرجنسی کنٹرول رومز قائم کر دیے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال میں بروقت ردعمل ممکن ہو سکے۔ اس موقع پر صوبائی پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے کہا کہ تمام افسران کسی بھی ممکنہ کٹھن صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں، اور اگر خدانخواستہ سیلابی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ سال 2010 میں توڑی بند ٹوٹنے کے باعث جعفرآباد کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا تھا، لہٰذا تمام ضلعی افسران ماضی کے تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ مشینری اور متعلقہ عملہ تمام حساس مقامات پر ہمہ وقت مستعد رہے، جبکہ ضلعی انتظامیہ تمام امور کی خود کڑی نگرانی کرے تاکہ عوام میں اطمینان پیدا ہو۔ عبدالمجید بادینی نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات مکمل کر چکی ہے تاکہ عوام کو مشکل حالات میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

نواب ثناء اللہ زہری کی صادق سنجرانی سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے سابق چیئرمین سینیٹ و رکن بلوچستان اسمبلی میر صادق سنجرانی کے والد آصف خان سنجرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے میر صادق سنجرانی اور اعجاز سنجرانی سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ آصف خان سنجرانی ایک معزز، نیک سیرت اور باوقار بزرگ تھے جنہوں نے چاغی کی ترقی، قیام امن اور بھائی چارگی کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔

راولپنڈی: شہید اے ایس آئی خالد حسین کو اعزازی سلامی دی گئی

وزیر ریلوے نے ان پر تشدد اور شہادت کے واقعے کا فوری نوٹس لے لیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ریلوے پولیس کے اے ایس آئی خالد حسین پر تشدد اور ان کی شہادت کے واقعے کا فوری نوٹس لے لیا ہے۔ اے ایس آئی خالد حسین نے اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ وفاقی وزیر نے شہید کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا کی اور ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ ریلوے پولیس لائنز راولپنڈی میں اے ایس آئی خالد حسین کو اعزازی سلامی دی گئی، جبکہ وزیر ریلوے کی خصوصی ہدایت پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ (ڈی ایس) راولپنڈی، ایس پی ریلوے پولیس اور اعلیٰ افسران نے شہید کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ وفاقی وزیر کی ہدایت پر واقعے میں ملوث پانچوں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جو اس وقت پولیس کی حراست میں ہیں۔ وزیر ریلوے نے اس افسوسناک واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔

18 ویں ترمیم کو رول بیک کرنے سے صوبوں کا استحصال ہوگا، احمد خان

17 ویں ترمیم نے چھوٹی سیاسی جماعتوں کے لیے غیر ضروری پابندیاں عائد کیں

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ اور قائد تحریک احمد خان نے کہا ہے کہ 18 ویں ترمیم کو رول بیک کرنے اور این ایف سی ایوارڈ پر نظرثانی کے فیصلے سے صوبوں کا شدید استحصال ہوگا۔ احمد خان نے خبردار کیا کہ اگر صوبوں پر ایف سی آر جیسا کالا قانون نافذ کیا گیا تو یہ صوبائی اختیارات کو محدود کرنے کی سازش ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں مختلف حکمرانوں نے 1973 کے آئین میں ذاتی مفادات کے لیے بے معنی ترامیم کیں، جیسے اٹھارویں ترمیم کے ذریعے ختم کیا گیا۔ احمد خان نے کہا کہ 17 ویں ترمیم نے چھوٹی سیاسی جماعتوں کے لیے غیر ضروری پابندیاں عائد کیں، جس سے غریب و متوسط طبقے کا سیاسی حصہ کمزور ہوا۔ قائد تحریک نے مزید کہا کہ حکمران اشرافیہ اپنے خاندانی و موروثی تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے آئین میں ترامیم کے ذریعے عدلیہ اور جمہوریت پر اثر ڈالنے کی ناکام کوششیں کرتی رہی ہے۔

دکی میں کان کن روح اللہ کی ہلاکت باعث افسوس ہے، نیشنل لیبر فیڈریشن

کوئلہ کان کنی سے وابستہ محنت کشوں کو ان کے حقوق دیے جائیں، ارشد یوسفزئی

کوئٹہ (پ ر) نیشنل لیبر فیڈریشن نے دکی میں کوئلہ کان کن کے جاں بحق ہونے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہاجرین کے خلاف کارروائی کی آڑ میں کان کنوں کو اس قدر تنگ کیا گیا کہ وہ خوف کے مارے کوئلے کی زہریلی کان میں جا کر چھپ گئے اور دم گھٹنے سے روح اللہ نامی کان کن کی موت واقع ہوگئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز دکی میں غیر قانونی طور پر مقیم مہاجرین کے خلاف آپریشن کے دوران ایک مزدور روح اللہ ولد محمد کریم نے لیویز اہلکاروں سے چھپنے کے لیے بانچ میں پناہ لی جو زہریلی گیس سے بھری ہوئی تھی۔ زہریلی گیس سے کان کن کی موت واقع ہوئی جبکہ مقامی مزدوروں نے اپنی مدد آپ کے تحت نکال کر نعش ہسپتال منتقل کی۔ نیشنل لیبر فیڈریشن ضلع دکی کے جنرل سیکرٹری مجید شاہ نے اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

اوستہ محمد اور صحبت پور میں ڈکیتی کی وارداتیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور اور اوستہ محمد میں دو مختلف واقعات میں دو افراد سے موٹر سائیکلوں نقدی اور موبائل فون چھین لیے گئے۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد میں سندھی قلم اور ڈراموں کے نامور اداکار محمد اعظم مینگل سے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر نئے موٹر سائیکل موبائل فون نقدی چھین کر فرار ہو گئے جبکہ صحبت پور چھتر پی پولیس تھانہ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ہیڈ ماسٹر عبدالغفار کھوسو سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ واقع کے خلاف اساتذہ کرام نے بڑی تعداد میں ڈی پی او آفس صحبت پور کا گھیراؤ کر لیا۔

لورالائی میں انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں، حاجی محمد خان

تمام محکموں کے آفیسران و اہلکار اپنی جائے تعیناتی پر حاضری کو یقینی بنائیں، غیر حاضر رہنے والوں کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی

رکن صوبائی اسمبلی نے لورالائی تا سنجاوی زیر تعمیر روڈ، لورالائی شہر کے گردونواح میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور زیر تعمیر سڑکوں کا معائنہ کیا

لورالائی (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے کہا ہے کہ لورالائی کی ترقی اور خوشحالی سڑکوں کی تعمیر کا کام مکمل ہونا نہایت اہم ہے۔ ضلع میں انفراسٹرکچر کی بہتر ترقی اور خوشحالی کا دارومدار سڑکوں کی تعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع میں لورالائی تو سنجاوی روڈ اور لورالائی کے گردونواح میں سڑکوں کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے آفیسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تعمیرات میں کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹیں ختم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی ضلع دور دراز اور پھیلے ہوئے علاقوں پر مشتمل ہے لہٰذا ان علاقوں میں رہنے والے افراد کو جتنی بھی زیادہ سہولیات میسر کریں تو ان کے کئی مسائل ان کے دہلیز پر ہی حل ہو گئے۔ ایم پی اے نے مزید کہا کہ ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے آفیسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تمام محکمہ آفیسران اپنے اپنے جائے تعیناتی پر اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔ غیر حاضری پر ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اسی طرح اگر ٹھیکیداران بھی غفلت یا ناقص میٹریل کے استعمال کا مرتکب پائے گئے تو اس کے خلاف بھی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام جاری منصوبوں کے حوالے سے حائل تیکنیکی مسائل کی بھی نشاندہی اس رپورٹ میں کریں تاکہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار میں سستی نہ رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام جاری منصوبوں پر معیار کا خاص خیال رکھا جائے کیونکہ معیار کے حوالے سے ایک فیصد بھی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اور اس حوالے سے ترقیاتی منصوبوں کی مانیٹرنگ میں خود بھی کروں گا اور تمام آفیسران بھی یقینی بنائیں کہ جاری اسکیمات کی مانیٹرنگ ہو۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی انفراسٹرکچر کی بہتری اور صوبے کے عوام کو جدید سہولیات چاہے روڈ سیکٹر ہو یا بلڈنگ سیکٹر میں ہوں آفیسران کی ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانا ہمارا نصب العین ہونا چاہیے۔

سونمیانی، وندر اور ڈام میں ماہی گیری سیزن کا آغاز

سونمیانی وندر (یو این اے) ڈام میں ماہی گیری کے سیزن کا آغاز بڑی کشتیاں ممنوعہ باریک جالوں سے لوڈ ہو کر سمندر جانے کے لیے تیار۔ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ایک بار پھر ممنوعہ اور تباہ کن جالوں کا استعمال زور پکڑے گا جس کے نتیجے میں ماہی گیروں اور آبی حیات کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ امکان ہے کہ بڑی کشتیاں باریک اور غیر قانونی جالوں کے ذریعے بڑے پیمانے پر شکار کریں گی جس سے مچھلیوں کی افزائش نسل کو شدید نقصان پہنچے گا۔ اگر یہ رجحان جاری رہا تو آنے والے سالوں میں سمندری حیات میں نمایاں کمی واقع ہو سکتی ہے ان خطرناک جالوں میں بڑی مچھلیوں کے ساتھ ساتھ چھوٹی اور نوزائیدہ مچھلیاں بھی پھنس جاتی ہیں۔ جس سے سمندری ایکو سسٹم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا بلکہ سینکڑوں غریب اور چھوٹے ماہی گیروں کا ذریعہ معاش بھی ختم ہو جائے گا جو روایتی اور قانونی طریقوں سے ماہی گیری کرتے ہیں۔ متوقع ہے کہ ان غیر قانونی جالوں سے پکڑی گئی بیمار اور خراب مچھلیوں کو حسب سابق قریبی فش فیکٹریوں وندر کی آبادیوں اور قومی شاہراہ N-25 کے مقام آدم کھنڈی کی فش ہلوں میں لے جایا جائے گا

گورنر جعفر خان مندوخیل سے سابق گورنر جسٹس (ر) امان اللہ خان یٰسین زئی ملاقات کر رہے ہیں

صاف پانی تک رسائی ایک بنیادی انسانی ضرورت ہے، عاطف رضا

پانی محض ایک وسیلہ نہیں، بلکہ صحت، زندگی اور ترقی کا موقع بھی ہے، نادر گل بریچ

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میں پانی کی قلت کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے پی ٹی سی ایل گروپ اور پاکستان فنڈ برائے تخفیف غربت (پی پی اے ایف) نے باہمی معاہدے کے ذریعے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے اپنے ایوارڈ یافتہ منصوبے کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا ہے، جس سے جنوبی پنجاب اور تھر کے تقریباً دو لاکھ مقامی افراد مستفید ہوں گے۔ گزشتہ سال پی ٹی سی ایل گروپ نے شفا فاؤنڈیشن کے تعاون سے تھر میں واٹر پمپس نصب کیے تھے، جس سے تقریباً 15,000 افراد کو پینے کا محفوظ پانی فراہم ہوا۔ اس منصوبے کو ڈائریکٹرز آف پاکستان ایوارڈز میں بہترین ڈیجیٹل ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔ منصوبے کو وسعت دینے کے بعد اب واٹر پمپس کے علاوہ اس میں ریورس اوسموسس (RO) پلانٹس اور بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کی سہولت بھی شامل کی گئی ہے، جس سے خشک سالی اور قلت کے شکار علاقوں میں پانی کی پائیدار فراہمی ممکن ہوگی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گروپ چیف کمرشل آفیسر، پی ٹی سی ایل اور یوفون 4G، سید عاطف رضا نے کہا، پی پی اے ایف کے ساتھ ہمارا یہ مشترکہ منصوبہ ملک کی ایک ہنگامی ضرورت کے حل کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ صاف پانی تک رسائی ایک بنیادی انسانی ضرورت ہے

یونیورسٹی آف تربت کے طلبہ نے انٹرن شپ پروگرام مکمل کر لیا

طلبہ نے ایس بی پی، بی آر اے، سی اے اے، این آر ایس پی و دیگر اداروں میں کام کیا

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے فیکلٹی آف بزنس اینڈ اکنامکس کے طلبہ و طالبات نے گرمیوں کی تعطیلات کے دوران پاکستان کے نمایاں سرکاری و نجی اداروں میں چھ ہفتے پر مشتمل انٹرن شپس پروگرام کامیابی سے مکمل کر لیا۔ ان اداروں میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان، بلوچستان ریونیو اتھارٹی، چمن ڈرائی فروٹس، پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی، این آر ایس پی، ایس پی او اور ڈارن سکیورٹیز کراچی شامل ہیں۔ فیکلٹی آف بزنس اینڈ اکنامکس نے طلبہ کو عملی تربیت فراہم کرنے پر تمام اداروں سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام طلبہ کو پیشہ ورانہ ماحول اور عملی کاروباری و انتظامی اصولوں کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ ڈین فیکلٹی اور مینجمنٹ سائنسز، اکنامکس و کامرس ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے اس تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات طلبہ کو عملی میدان میں اعتماد اور مہارت فراہم کرتے ہیں۔ ڈین فیکلٹی نے انٹرن شپ پروگرام کے فوکل پرسن عطیہ، ڈاکٹر غلام جان اور سابق چیئرمین مینجمنٹ سائنسز نوروز خان کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے پروگرام کے انتظامات میں کلیدی کردار ادا کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کہا کہ تربت یونیورسٹی تعلیمی رہنمائی کے ساتھ صنعتی اداروں سے روابط کو فروغ دینے اور طلبہ کو انٹرن شپس، کاروباری و تحقیقی سرگرمیوں میں شامل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی نوجوانوں کی شخصیت سازی، فکری ارتقاء اور مثبت سماجی سرگرمیوں میں شمولیت کو یقینی بنا رہی ہے

ہماری اولین ترجیح عوامی خدمت ہے، شیخ زرک مندوخیل

علاقے کی ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وقف کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے ان پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کر دیا گیا ہے جن میں سڑکوں کی تعمیر، تعلیمی اداروں کی بہتری اور صحت کی سہولیات کی فراہمی شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل سننا اور ان کے فوری حل کے لیے اقدامات کرنا ان کی اولین ذمہ داری ہے، اور وہ ہمیشہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

نصیرآباد: صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے استعمال سے گریز کریں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

پلاسٹک تھیلوں کا استعمال انسانی صحت کے لیے شدید نقصان دہ ہے اور یہ جان لیوا بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے

پلاسٹک تھیلے نہ صرف انسانی زندگی پر منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں بلکہ ماحول اور قدرتی نظام کو بھی تباہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں پر پابندی اور اس کے خلاف جاری آپریشن کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، محکمہ ماحولیات کے افسران، اسسٹنٹ کمشنران اور تمام سب ڈویژن کے مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پلاسٹک تھیلوں کا استعمال انسانی صحت کے لیے شدید نقصان دہ ہے اور یہ جان لیوا بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے۔ ماہرین نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پلاسٹک تھیلے نہ صرف انسانی زندگی پر منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں بلکہ ماحول اور قدرتی نظام کو بھی تباہ کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے استعمال سے گریز کریں اور صرف حکومت سے رجسٹرڈ شدہ پلاسٹک بیگز استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تعاون کے بغیر اس مہم کو کامیاب نہیں بنایا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر کے تمام افسران اور مجسٹریٹس اپنے متعلقہ سب ڈویژن میں پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں تاکہ اس مضر اور ممنوعہ استعمال کو جڑ سے ختم کیا جا سکے۔

میر جان جمالی کا اظہار تعزیت

اوستہ محمد (این این آئی) سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد خان جمالی نے سابق چیئرمین سینیٹ و رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی میر صادق سنجرانی کے والد میر آصف سنجرانی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر صادق سنجرانی کے والد میر آصف سنجرانی کا شمار بلوچستان کے ممتاز قبائلی رہنماؤں میں ہوتا ہے میر آصف سنجرانی نے قبائل کے مابین دشمنیوں کے خاتمے خطے میں امن و امان کی بحالی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ میر جان محمد خان جمالی نے کہا کہ اس غم کی گھڑی میں ہم لواحقین کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی اللہ پاک مرحوم کی مغفرت فرمائے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

کوئٹہ: سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی اینشن میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے سید بلال کو میڈل پہنا رہے ہیں

تمبو پولیس نے اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنا دی

11 کاٹن خشک دودھ، 06 پارسل چھالیہ، 60 کلو غیر ملکی پان پراگ برآمد

تمبو (این این آئی) ڈی آئی جی نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ عاصم خان وایس ایس پی نصیرآباد غلام سرور بھٹو کی خصوصی ہدایات و احکامات کی روشنی میں پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی کی کامیاب کارروائی بلاک ریڈ چیکنگ کے دوران گلکس کار سے ایرانی خشک دودھ مضر صحت غیر ملکی چھالیہ اور پان پراگ برآمد و ملزمان گرفتار اسمگلنگ کی کوشش ناکام۔ اے ایس پی ڈی پی او سرکل سٹی محمد طیب اقبال کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ منگولی محمد عمر اعوان نے اپنی ٹیم سب انسپکٹر محمد رفیق لانگاہ اور دیگر ملازمان کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بلاک ریڈ چیکنگ کے دوران گلکس کار گاڑی نمبر ALT-320 کو روک کر گاڑی سے 11 کٹہ ایرانی خشک دودھ جبکہ 06 پارسل چھالیہ وزنی 60 کلوگرام اور 208 پیکٹ غیر ملکی پان پراگ برآمد کر کے ملزمان عطاء اللہ عمرانی اقوام بزنجو گرفتار کر کے گاڑی اپنی تحویل میں لے کر اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی مزید قانونی کارروائی منگولی پولیس کر رہی ہے

خیبرپختونخوا اور پنجاب میں ہونے والی تباہی پر پورا ملک سوگوار ہے، سیدال ناصر

متاثرین کی بحالی کے لیے کراچی کے مخیر افراد نے جس والہانہ انداز میں ہر قسم کی مدد فراہم کرنے کا عندیہ دیا ان کا جذبہ قابل ستائش تھا

پارٹی کا ادنیٰ خادم ہوں، خادم رہوں گا، قیادت نے جو عزت اور مقام دیا وہ رب کعبہ کا انعام اور میرے والدین کی دعاؤں کا ثمر ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ سینیٹ میں آئین پاکستان کا محافظ ہوں، کراچی کا دورہ انتہائی کامیاب رہا، پارٹی کا ادنیٰ خادم ہوں، خادم رہوں گا، پارٹی قیادت نے جو عزت اور مقام دیا وہ رب کعبہ کا انعام اور میرے والدین بالخصوص والدہ کی دعاؤں کا ثمر ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے اپنے دورہ کراچی کے حوالے سے کہا کہ کراچی آنے کے دو مقاصد تھے الحمدللہ جن مقاصد کے لیے کراچی پہنچا ان کے انتہائی مثبت نتائج سامنے آئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں طوفانی بارشوں اور پنجاب میں بھارت کی آبی دہشت گردی کے باعث خطرناک سیلاب سے ہونے والی تباہی پر پورا ملک سوگوار اور غمزدہ ہے متاثرین کی بحالی کے لیے کراچی کے مخیر افراد نے جس والہانہ انداز میں اپنی جانب سے دامے درمے، سخنے ہر قسم کی مدد فراہم کرنے کا عندیہ دیا ان کا جذبہ قابل ستائش تھا کراچی کے محب وطن عوام نے ہمیشہ ملک میں آنے والی قدرتی آفات و دیگر مشکلات میں اپنے ہم وطنوں کا بھرپور ساتھ دیا ہے اس بار بھی وہ حکومت کی امدادی سرگرمیوں میں پیش پیش ہیں انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ان کے کراچی کے دورے کا ایک اور مقصد پارٹی کے عہدیداران اور کارکنان سے ملنا اور ان میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کا خاتمہ کرنا بھی مقصود تھا یہ مقصد سندھ کے سینئر نائب صدر اور میرے پرانے قریبی دوست علی اکبر گجر نے میرے اعزاز میں عشائیہ دے کے پورا کر دیا میں نے علی اکبر گجر سے کہا تھا کہ اپنی تقریب میں بلاامتیاز و تفریق تمام پرانے ساتھیوں اور دیگر سیاسی جماعتوں کے دوستوں کو بھی مدعو کیا جائے علی اکبر گجر نے اپنا یہ وعدہ پورا کر دکھایا ساتھیوں نے نا صرف تنظیم امور پر کھل کر گفتگو کی بلکہ شکوے شکایات کے انبار بھی لگائے انہوں نے کہا کہ کارکنان پارٹی کا اثاثہ ہیں جنہیں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا

اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ سب ڈویژن (سریاب) میں ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

محکمہ کلچر بلوچستان تمام زبانوں اور ثقافتوں کی یکساں سرپرستی کرے گا، سیکرٹری

کتابوں کو ڈیجیٹلائز کرنے پر کام ہونا چاہیے، براہوئی ادبی سوسائٹی کی نو منتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب

براہوئی ادبی سوسائٹی کا کردار لائق تحسین ہے یہ ادارہ زبان، ادب اور ثقافتی اقدار کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا

کوئٹہ (اے پی پی) براہوئی ادبی سوسائٹی کی نئی کابینہ کی حلف برداری کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خاص سیکرٹری ثقافت، سیاحت و آرکائیوز سہیل الرحمن بلوچ تھے۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خاص سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمن بلوچ نے کہا کہ براہوئی ہماری زبان اور پہچان ہے اس کی بقاء اور فروغ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دور جدید کے تقاضوں کے مطابق کتابوں کو ڈیجیٹلائز کرنے کے منصوبے پر کام کرنا چاہیے تاکہ نوجوان نسل آسانی سے اپنی زبان و ادب تک رسائی حاصل کر سکے۔ انہوں نے یہ بھی یقین دہانی کرائی کہ محکمہ کلچر تمام زبانوں کی یکساں سرپرستی کرے گا اور انہیں بھرپور انداز میں سپورٹ فراہم کی جائے گی۔ تقریب کے دوران اے ڈی بلوچ نے سپاس نامہ پیش کیا، جبکہ گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، براہوئی اکیڈمی کے چیئرمین سوسن براہوئی اور ممتاز ادیب افضل مراد نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے براہوئی ادبی سوسائٹی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ زبان و ادب کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ اس موقع پر محکمہ کلچر کے ڈائریکٹر داود ترین کی خدمات کا بھی خصوصی طور پر ذکر کیا گیا اور شرکا نے ان کی کارکردگی کو بھرپور انداز میں سراہا۔ مقررین نے کہا کہ داود ترین نے محکمہ کلچر کو فعال بنانے اور ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ تقریب کے آخر میں ایک پرکیف محفل موسیقی کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں علاقائی گلوکاروں نے براہوئی زبان کے روایتی اور جدید نغمے پیش کر کے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ شرکا نے محفل موسیقی کو بھرپور انداز میں سراہا اور اسے ثقافتی رنگوں کا حسین امتزاج قرار دیا۔ تقریب میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے دانشوروں، ادیبوں، شاعروں، طلبا اور سماجی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ یہ تقریب نہ صرف براہوئی زبان کے مستقبل کے لیے امید کی کرن ثابت ہوئی بلکہ بلوچستان کی دیگر زبانوں اور ثقافتی ورثے کے فروغ کے لیے بھی نئی راہیں متعین کرتی ہے۔

ہمیں زندگی سیرت النبی کی روشنی میں گزارنی چاہیے، سردار یار محمد رند

اللہ نے پیارے حبیب کو ہمارے درمیاں بھیج کر ایمان والوں پر احسان کیا ہے

سبی (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاستدان چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ اللہ نے پیارے حبیب ﷺ کو ہمارے درمیاں بھیج کر ایمان والوں پر احسان کیا ہے ہمیں روزمرہ زندگی سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں گزارنی چاہیے ربیع الاول کا مہینہ ہمیں درس دیتا ہے کہ اطاعت رسول ﷺ کی پیروی کر کے دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں جشن ولادت نبی ﷺ کو شایان شان انداز سے منائیں گے قدرتی آفات کا مقابلہ ہمت صبر سے کیا جائے انہوں نے کہا کہ ربیع الاول کا ماہ ہمیں پیار محبت بھائی چارے کا درس دیتا ہے ہمیں چاہیے کہ سیرت النبی ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دین اور دنیا میں کامیابی سے ہمکنار ہوں انہوں نے کہا کہ ہمیں سیرت النبی ﷺ پر چل کر لوگوں کی خدمت کرنا ہے انہوں نے مزید کہا کہ ہماری سیاست کا مقصد انسانیت کی خدمت ہے جس کے لئے ہمیں کسی اقتدار کی ضرورت نہیں انہوں نے پنجاب و کے پی کے میں سیلاب کی تباہ

ڈی جی تحفظ ماحولیات ایجنسی 04 ستمبر کو سماعت کیلئے طلب

وفاقی محتسب نے اسلام آباد۔ ریڈ زون میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کا نوٹس لیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ کے بارے میں تسلی بخش رپورٹ نہ آنے پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، ایس ایس پی ٹریفک اور ڈائریکٹر جنرل تحفظ ماحولیات ایجنسی کو 04 ستمبر کو سماعت کے لئے طلب کر لیا ہے۔ وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان نے اس مقصد کے لئے تمام ذمہ داران کو نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے اسلام آباد کے ریڈ زون میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کے لئے لمبی قطاروں کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل کو 29 اگست کو سماعت کے لئے طلب کیا گیا تھا۔ سماعت میں حاضر ہونے والے افسران کی طرف سے وفاقی محتسب کے سوال نامے پر کوئی رپورٹ نہ آنے پر خفگی کا اظہار کرتے ہوئے اب مذکورہ بالا افسران کو پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ وفاقی محتسب کے رجسٹرار کی طرف سے بھجوائے گئے سوال نامہ میں استفسار کیا گیا تھا کہ اسلام آباد کے انتہائی حساس علاقے ریڈ زون کو ہی گاڑیوں کی کلیرنس کے لئے کیوں منتخب کیا گیا

کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پرائس کنٹرول کے تحت کارروائیاں

75 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 دکاندار گرفتار، 2 دکانیں سیل اور 15 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے

کارروائیوں کے دوران مٹن و بیف شاپس، جنرل اسٹورز، تندوروں کے نرخنامے دیکھے گئے اور ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں سے متعلق چیکنگ کی گئی

کوئٹہ (خ ن) پرائس کنٹرول کارروائیاں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پرائس کنٹرول کے تحت سب ڈویژن کچلاک، سب ڈویژن سریاب اور سب ڈویژن صدر میں کارروائیاں کی گئیں۔ کارروائیوں کے دوران مٹن شاپس، بیف شاپس، جنرل اسٹورز، تندوروں اور ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف چیکنگ کی گئی۔ انسپکشن کے دوران مجموعی طور پر 75 دکانوں کا دورہ کیا گیا، جن میں سے سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 دکاندار گرفتار، 2 دکانیں سیل اور 15 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کی گئی۔ اس موقع پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب نے ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ہول سیل دکان سیل کر کے مالک کو گرفتار کر لیا۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کے خاتمے کے لیے پرائس کنٹرول کی ایسی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

TENDER NOTICE

The Executive Engineer, Irrigation Division Ziarat invites sealed percentage rate tenders based on composite schedule of rates 2023, Government of Balochistan amended up to date from interested contractors /firms for the works listed below: - T/Fee Rs 1000/- and Earnest Money 3% of Bid Cost for each work

S.No	Name of Works.	E/Cost
1	CLEANING & DE-SILTING – KAWAS KUZ KACH KAREEZ (BSDI) PROGRAM (2025-26). TSE-252608835483	40.00 M
2	CONSTRUCTION-KAREZ (MALAKAYAZ, SINJAVI BAZAR) (BSDI) PROGRAM (2025-26). TSE-252608835233	30.00 M
3	Karez Repair (Killi Noor Muhammad, Sadal Kotal Tana (BSDI) PROGRAM (2025-26) TSE-252608835603	20.00 M

Eligibility of bidders:- Registrations with relevant taxation department i.e (NTN), Income Tax / Sales Tax Department, Balochistan Revenue Authority (BRA) updated. Registration with Pakistan Engineering Council in Relevant Category C-5 and Above for Serial No 1 & 2, C-6 and Above for Serial No3. Discipline Code CE-04 (v) (Irrigation Only) valid for the year 2025-26. The **Technical Proposal** shall consist of the Following Documents: - Name of Firm / Contractor with year of establishment along with postal address and telephone number. Name of Technical Supervisory staff/Management Staff along with their qualifications/ Experience and proof of their stay with the firm, with fresh affidavit **(duly attested by first class Magistrate)** as per criteria specified in bidding data. Detail of Works Machinery as per details mentioned in bidding documents. Complete with all respect giving their model, make, condition and location. No of Projects completed (Details should be given as per criteria Specified in bidding documents). Fresh Registration / Clearance from income tax Department and BRA Original must be shown on submission/Opening the technical Proposals. As per BPPRA rule 25 sub rule (2) serial 3 only one bid can be submitted against one NTN. Under taking on judicial paper **(duly attested by First Class Magistrate)** that the firm has never been black listed and involved in litigation. It is mandatory that the Contractor must show the original fresh PEC valid registration i.e. 2025-26 with Pakistan Engineering Council (PEC) on the time of submission / opening the Technical Proposals. Non satisfactory performance in past or present with any executing agency will lead to the disqualification of Firm /Contractor. Detail of bases of evaluation of technical proposal is referred to the bidding documents (IB-3-3.2). **The Financial Proposal** shall consist of the Following Documents: - Detail BOQ with Quoted Rates in sealed envelope mentioned the name & Title of scheme. Bid Security @ 3% of bid quoted amount must be in the form of call deposit from the Finance Account in favor of the Office Name of the under signed from a scheduled bank of Pakistan. **No any Bank Drafts & Banker Cheque will be acceptable. TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan of (Rs) Mentioned against Each work deposited in the head of account C-03434 Civil Works (Irrigation) Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the Website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), during working hours, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. **DEADLINE OF SUMBISSION** Bid can only be submitted electronically latest by **15 September, 2025 till 10:00 AM** through supplier dashboard for Serial No 1& 2, and for Serial No 3 Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in two separate envelopes clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **15 September, 2025 till 10:00 AM. OPENNING: The Bids will be opened on the same day 15th September, 2024 at 11:00 AM. Bids Validity: Ninety (90) days Place of issuance and submission will be:-** Address: Office of the Executive Engineer Irrigation Division Ziarat Telephone No:0833-920072 Email: engr.umairali@gmail.com **Terms and Conditions:** Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents.

PRQ No.1004/02-9-2025

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION ZIARAT

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Musakhail invites sealed percentage rates based on Composite Schedule of Rates,2023 Govt: of Balochistan from interested Govt: Contractors & Manufacturing Firms for the works mentioned below :- **TENDER FEE 1500/- BID SECURITY 3% (in Shape of CDR)**

S.#	NAME OF WORK/s	E/COST
1)	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME PTCL EXCHANGE MUHALLAH, TANKI, MUHALLAH, KHADOZAI MUHALLAH, MASTER KALAM MUHALLAH, KHUDAI-NOOR DARGAI MUHALLAH MUSAKHAIL TOWN TSE-252608833163	3,16,56000/-
2)	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME AJAB KHAN S/O MERA JAN, KAMAL KHAN SHOLAN DARGAI, ZARNI DRUG, ANDERPUR MUNIR ABAD, ELAHI BAKHSH, HAFIZ NAWAB ZEZA ESSOT DISTRICT MUSAKHAIL TSE-252608834183	3,45,15,000/-

Procurement shall be made under BPP Rules 2014. Eligibility of Bidders:- The Firm/Company & Contractor must have registration with Tax authorities i.e. BRA, NTN & Sales tax department, valid registration with Pakistan Engineering Council **(PEC)** in relevant Category who have enlistment/ renewal for the year, 2025-26. If the firm's representative will participate in the tender then the representative must have the original authority issued by the firm in his name. **Eligibility Criteria :-** Minimum three assignments of value not less than estimated cost and Turn over of value not less than estimated cost. **Method of Procurement:-**Single stage, Single envelope. **Bid Security:-** The bids must accompany Bid Security in the form of **Call Deposit** of amount specified above in the name of undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents :-**The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned upon payment of bidding document fee (non refundable) (amount mentioned above) **through Green Challan C-02725-02 PHED (Revenue Receipt).** (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from www.bppra.org.pk **Issuance of Tender Documents:-** Tender forms/documents will be issued to the bidders/contractors on publication of Notice in newspapers on presentation of requisite documents. **Last date for submission** Tender should be submitted on **18.09.2025** till **11:00** A.M at the office of the undersigned. **Tender Opening :-** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **12:00 P.M** (In case of public holiday announced by the Government (due to any reason), the tender will be opened on the next working day at the same time and venue). Tender committee reserves the right to change the quantities or cancel/reject any or all offers without assigning any reason. **Address:- Public Health Engineering Division Musakhail Phone No. 0828-611131 Email: xenphemusakhail@gmail.com**

PRQ No.1005/02-9-2025

EXECUTIVE ENGINEER PUBLIC HEALTH ENGINEERING DIVISION MUSAKHAIL

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The DEVELOPMENT OFFICER JHAL MAGSI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1000, and Bid Security 2% for each work**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	INSTALLATION OF SOLAR POWERED STREET LIGHTS IN MOUZA CHUKI THROUGH BSDI PROGRAM TSE-252609838483	5,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years Showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:Single** Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 17 September, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 17 September, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM **Address:** D O Local Government Jhall Magsi
Phone no: 3337501859 **Email:** khurseedahmed1972@gmail.com

AB No.219/02-9-2025

DEVELOPMENT OFFICER JHAL MAGSI

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 3 ستمبر 2025ء

موسمیاتی تباہ کاریوں کے آگے ممکنہ بند اور کالا باغ ڈیم پر نئی بحث

حالیہ موسمیاتی تبدیلیوں اور تباہ کن سیلابوں کے بعد، پاکستان میں بڑے ڈیموں کی تعمیر کی ضرورت ایک بار پھر شدت سے محسوس کی جا رہی ہے۔ اس بحث کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے بیان سے ایک نئی جہت ملی ہے جنہوں نے اس حوالے سے اپنے موقف کا اظہار کرتے ہوئے کالا باغ ڈیم کی تعمیر کی ضرورت پر زور دیا۔ ماضی میں کالا باغ ڈیم کا منصوبہ ہمیشہ ایک سیاسی تنازعہ کی نذر ہوتا رہا ہے۔ یہ صرف ایک انجینئرنگ منصوبہ نہیں، بلکہ ایک پیچیدہ سیاسی اور عوامی مسئلہ بن چکا ہے۔ تاہم، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کا بیان اور حالیہ سیلابوں کی تباہ کاریاں، جو ہر سال لاکھوں افراد کو بے گھر اور اربوں روپے کا نقصان پہنچاتی ہیں، اس بات کی دلیل ہیں کہ اب وقت آ گیا ہے کہ اس معاملے کا از سر نو جائزہ لیا جائے۔ یہ سوچنا کہ ہم قدرتی آفات کے اثرات کو کم نہیں کر سکتے، درست نہیں ہے۔ منصوبہ بندی اور وسیع تر قومی مفاد کے لئے سیاسی جماعتوں کا یکجا ہونا ناگزیر ہے۔ یہ وقت ہے کہ سیاست کو ایک طرف رکھ کر اس مسئلے پر وسیع تر ہم آہنگی پیدا کی جائے، تاکہ کالا باغ ڈیم جیسے قومی منصوبے وقت پر مکمل ہو سکیں کالا باغ ڈیم کی تعمیر کے حامی اس منصوبے کو پاکستان کے پانی، بجلی اور زراعت کے شعبوں میں ایک انقلابی قدم قرار دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس کے بغیر پاکستان کی ترقی ممکن نہیں ہے۔ دوسری طرف، اس منصوبے کے مخالفین اس کے ممکنہ منفی اثرات، بالخصوص بالائی اور زیریں علاقوں میں ماحولیاتی اور سماجی نقصانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ تاہم، یہ بحث اب صرف مخالف یا موافق ہونے تک محدود نہیں رہنی چاہئے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ غیر جذباتی اور سائنسی بنیادوں پر اس کا جائزہ لیا جائے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے ماہرین کا ماننا ہے کہ کالا باغ ڈیم ایک کثیر المقاصد منصوبہ ہے جس کی بنیادی تجویز آج سے کوئی چار عشرے قبل سامنے آئی یہ ڈیم دریائے سندھ پر میانوالی اور اٹک کے قریب کالا باغ کے مقام پر بننا تھا۔ اس کا ڈیزائن بھی تیار ہوا اور ساڑھے تین ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو ملکی بجلی کی ضروریات کا ایک بڑا حصہ پورا کر سکتی ہے پاکستان کو ہر سال تباہ کن سیلابوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو کہ نہ صرف انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بنتے ہیں بلکہ معیشت کو بھی شدید نقصان پہنچاتے ہیں۔ کالا باغ ڈیم پانی کو محفوظ کر کے سیلاب کے خطرات کو نمایاں طور پر کم کر سکتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اس کی تعمیر سے دریائے سندھ میں سیلاب کا بہاؤ کنٹرول کیا جا سکے گا، جس سے پنجاب اور سندھ کے میدانی علاقوں میں ہونے والی تباہی سے بچا جا سکتا ہے پاکستان کی معیشت کا ایک بڑا حصہ زراعت پر منحصر ہے۔ ڈیم کی تعمیر سے کئی ملین ایکڑ بنجر زمین کو سیراب کیا جا سکتا ہے۔ اس سے ملک کی زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور غذائی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے گا۔ خاص طور پر صوبہ پختونخوا کے جنوبی اضلاع اور سندھ کے زیریں علاقوں میں پانی کی کمی کا مسئلہ بھی حل ہو سکتا ہے پاکستان میں بجلی کی قلت ایک بڑا مسئلہ ہے۔ کالا باغ ڈیم سے حاصل ہونے والی بجلی نہ صرف صنعت اور زراعت کو فروغ دے گی بلکہ گھریلو صارفین کو بھی سستی بجلی فراہم کرے گی۔ اس سے مہنگی تھرمل بجلی پر انحصار کم ہوگا اور زرمبادلہ کی بچت ہوگی ڈیم کی تعمیر اور اس سے منسلک منصوبے لاکھوں روزگار کے مواقع پیدا کریں گے۔ اس کے علاوہ، سستی بجلی اور وافر پانی کی دستیابی سے صنعتوں کو فروغ ملے گا اور مجموعی طور پر ملکی معیشت کو استحکام حاصل ہوگا ہاں البتہ اس کے ناقدین کا حلقہ بھی وسیع ہے اس منصوبے پر کئی سنگین اعتراضات اور تحفظات کا اظہار مسلسل ہوتا آیا ہے سندھ کا سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ کالا باغ ڈیم کی تعمیر سے دریائے سندھ کے زیریں علاقوں میں پانی کی فراہمی کم ہو جائے گی سندھ میں ایک اور بڑا مسئلہ سمندر کی پیش قدمی کا ہے۔ دریائے سندھ میں میٹھے پانی کی کمی کی وجہ سے سمندر کا کھارا پانی زمین میں داخل ہو رہا ہے، جس سے زرعی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں۔ اگر کالا باغ ڈیم کی تعمیر ہوتی ہے تو پانی کا بہاؤ مزید کم ہو جائے گا، جس سے یہ مسئلہ مزید شدت اختیار کر سکتا ہے اسی طرح پشتونخوا میں والے نوشہر شہر کے ڈوبنے، پانی کی کمی او ر دیگر اعتراضات ہیں کہ نقل مکانی ہوگی، ماحولیات پر بھی اثرات مرتب ہوں گے البتہ نقل مکانی منصوبہ بندی اور ماحولیاتی اثرات کا مقابلہ سائنٹفک اقدامات سے ممکن ہے سو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب بحث نئے سرے سے شروع ہوئی ہی ہے تو کیوں نہ ایک بار پر تمام اسٹیک ہولڈرز ایک میز پر آ کر بات کریں ممکنات اور ناممکنات کے نکات پر عقل و فہم کے گھوڑے دوڑائے جائیں کالا باغ ڈیم کے حوالے سے جاری بحث اور اس پر پائے جانے والے شدید اختلافات کو ختم کرنا انتہائی ضروری ہے۔ یہ ایک ایسا منصوبہ ہے جو سیاست کی نذر ہو چکا ہے۔ موجودہ حالات اور حالیہ سیلابوں کی تباہی کو دیکھتے ہوئے، یہ بات واضح ہے کہ اب مزید تاخیر کی گنجائش نہیں ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں، ماہرین، اور اسٹیک ہولڈرز سیاست سے بالاتر ہو کر وسیع تر قومی مفاد میں اس مسئلے کو حل کریں حل بیانات سے ممکن نہیں بلکہ جامع اور مربوط طریقہ کار میں پنہاں ہے تمام صوبوں کی سیاسی قیادت کو باہم بٹھا کر تحفظات کو زیر بحث لایا جائے تمام فریقوں کو اعتماد میں لیا جائے خالی خولی بیانات یا میں کروں گا اور میں نہیں ہونے دوں گا کی روش نہیں اپنانی چاہئے بلکہ انجینئرز، ماہرین آب و ہوا، ماحولیاتی ماہرین، اور ماہرین معاشیات پر مشتمل کمیٹی قائم کر کے شفاف انداز میں معاملات کا جائزہ لیا جائے اس میں کوئی قباحت نہیں جذباتی سیاست کی بجائے سائنسی اور منطقی بنیادوں پر اس مسئلے کو سمجھنے کی آج جتنی ضرورت ہے اس سے پہلے کبھی نہ تھی۔ اگر ہم ہر سال سیلاب کی تباہ کاریوں اور پانی کی قلت کے مسائل سے بچنا چاہتے ہیں تو کالا باغ ڈیم سمیت تمام بڑے آبی منصوبوں کی تعمیر میں تاخیر نہیں ہونی چاہئے۔ یہ بات درست ہے کہ ماضی میں اس منصوبے پر شدید اختلافات رہے ہیں، لیکن اب وقت کا تقاضا ہے کہ ہم ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھیں اور مستقبل کی فکر کریں اجتماعی اور قومی نوعیت کے منصوبوں پر اختلاف رائے کی بجائے وسیع تر ہم آہنگی کی ضرورت ہے، اور کالا باغ ڈیم اس ہم آہنگی کی ایک بہترین مثال بن سکتا ہے۔

کیا مودی اب برکس کے ساتھ مل کر مغربی تسلط کا مقابلہ کریں گے؟

منظر نامہ

جاوید نقوی

عادت کے مطابق بھارتی وزیر اعظم کے دو روزہ دورہ چین کے موقع پر کوریوگراف کیے گئے بھارتی شہریوں کے ہجوم نے 'مودی مودی' کے نعرے لگانے شروع کر دیے۔ دوسری جانب چینی میزبانوں نے ان کا استقبال بھارتی کلاسیکی موسیقی سے کیا جس سے ظاہر ہوا کہ انہوں نے بھارتی ثقافت جاننے کے لیے وقت نکالا ہے جبکہ ایسا ہی کچھ بھارتیوں کے لیے کرنا مشکل ہو جائے گا۔ ان دونوں ممالک کے درمیان نہ صرف تجارت میں بڑا فرق ہے بلکہ ثقافت بھی کافی حد تک مختلف ہے۔ ساڑھی میں ملبوس تین چینی خواتین جن میں سے دو نے راگ دیش میں ستار اور سنتور پر بھارتی قوم پرستوں کا پسندیدہ ترانہ وندے ماترم گایا جبکہ تیسری خاتون اس دوران دھن میں طبلہ بجاتی رہیں۔ لیکن یہ پرفارمنس دکھاوے کے لیے نہیں تھی، اس کے پیچھے چین کا مقصد اپنی سافٹ پاور کا مظاہرہ کر کے امریکا کی جانب جھکاؤ رکھنے والے نریندر مودی کو جذباتی طور پر متاثر کر کے برکس کا مقدمہ مضبوط بنانا تھا۔ جنگوں اور استحصالی پابندیوں کو جنم دینے والے مغربی سرمایہ دارانہ ماڈل کو ختم کرنا ایک ایسی ضرورت ہے جو سوویت یونین کے خاتمے سے پہلے بھی محسوس کی جاتی تھی۔

اگر اس کے تجارتی مفادات کو خطرہ لاحق ہو تو مغرب اپنے دوست اور دشمن کے ساتھ یکساں رویہ اپناتا ہے۔ یہ ریت تو ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی پرانی ہے۔ اس سلسلے میں میرے مشاہدے میں ایک مثال مغرب کا پہلے صدام حسین کو کویت میں الجھانا تھا اور پھر صدام حسین کو دھوکا دینا تھا۔ یہ کہانی 1987ء کی اسٹاک مارکیٹ کریش تک جاتی ہے کہ جب مارگریٹ تھیچر کے ماتحت برطانوی حکومت تیل کمپنی بی پی میں اپنا بقیہ 31.5 فیصد حصہ فروخت کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ لیکن مارکیٹ کریش نے فروخت کو برباد کرنے کا خطرہ مول لیا، جس سے برطانوی حکومت کو اربوں پاؤنڈز کا نقصان ہو سکتا تھا۔ ایسے میں کویتی انویسٹمنٹ آفس (کے آئی او) جو کہ کویت کا خودمختار دولت فنڈ کی سرمایہ کاری کا ادارہ ہے، برطانیہ کو بیل آؤٹ کرنے کے لیے آگے آیا۔ اس نے اوپن مارکیٹ میں بی پی کے حصص کی خریداری شروع کر دی۔ ابتدائی طور پر برطانوی حکومت خوش تھی کیونکہ کویتی ادارے نے بی پی کے حصص کی قیمت کو مستحکم رکھنے میں مدد کی، اور حکومت کو اس کی فروخت کامیابی سے مکمل کرنے کی اجازت دی۔ مختصر وقت میں کے آئی او نے بی پی میں 21.6 فیصد حصص حاصل کر لیے جس سے یہ سب سے بڑا شیئر ہولڈر بن گیا۔ جبکہ برطانیہ کی حکومت کا حصہ اب صفر ہو چکا تھا۔

پھر اچانک تھیچر حکومت زیادہ حصص ایک غیر ملکی حکومت کے ہاتھ میں ہونے سے گھبرانے لگی حالانکہ یہ ایک دوست ملک کے پاس تھے۔ 21.6 فیصد حصص کے ساتھ، کویت کا کمپنی پر کافی اثر و رسوخ تھا۔ یہ خیال کہ ایک بڑی برطانوی کمپنی کو OPEC (تیل پیدا کرنے والے ممالک کا ایک گروپ) کا ایک ملک کنٹرول کر سکتا ہے، سیاسی طور پر خطرناک سمجھا جاتا تھا، یہاں تک کہ مارگریٹ تھیچر کی حکومت نے بھی ایسا ہی سمجھا حالانکہ وہ آزاد منڈیوں کی بھرپور حمایت کرتی تھیں۔ مارگریٹ تھیچر نے باضابطہ طور پر کے آئی او کو بی پی میں اپنے حصص کم کرنے کو کہا۔ انہیں حکم دیا گیا کہ وہ کمپنی میں اپنی 9.9 فیصد ملکیت کو فروخت کریں۔ برطانیہ کی حکومت نے خبردار کیا کہ اگر کویت نے خود ایسا نہیں کیا تو وہ اسے مجبور کرنے کے لیے قانونی اور ریگولیٹری اختیارات استعمال کریں گے جس سے ممکن ہے کہ سفارتی تعلقات یا برطانیہ میں کویت کی دیگر کاروباری سرمایہ کاری کو نقصان پہنچے۔

چونکہ کویت مغربی تحفظ پر انحصار کرتا تھا اور قریبی اتحادی تھا، اس لیے اس نے تعلقات کو مضبوط رکھنے کے لیے حکم کی تعمیل کی۔ پاکستان کے معروف بی سی سی آئی بینک کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ بالکل مختلف نہیں تھا۔ سی آئی اے نے اعتراف کیا کہ افغان مجاہدین کو خفیہ طور پر فنڈز فراہم کرنے کے لیے بڑے بین الاقوامی بینک کا استعمال کیا گیا۔ جب کام ہو گیا تو بینک مغرب کے لیے حسد کا سامان بن گیا جسے وہ خطرے کے طور پر دیکھنے لگا۔ جیسا کہ شیکسپیئر کا ایک جملہ ہے جس کا مفہوم کچھ یوں ہو سکتا ہے کہ مغرب اسی چیز کے خلاف ہو گیا جس پر وہ کبھی بھروسہ کرتا تھا۔ ہاں بی سی سی آئی بھی نیک نہیں تھا، اس کا تعلق بدعنوانی، فراڈ، منشیات کے سودے اور منی لانڈرنگ سے تھا۔ لیکن یہاں اہم نکتہ یہ ہے کہ بڑے بڑے مغربی بینک بھی اسی طرح کے کام کرتے ہوئے پکڑے گئے ہیں اور انہوں نے بھاری جرمانے ادا کیے لیکن پھر بھی کبھی انہیں بند ہونے پر مجبور نہیں کیا گیا۔ امریکی سینیٹ کی ایک تحقیقات سے پتا چلا ہے کہ ایک مغربی بینک نے میکسیکو اور کولمبیا کے منشیات کے کارٹلز کے لیے کئی سالوں میں کم از کم 88 کروڑ 10 لاکھ ڈالرز کی منی لانڈرنگ کی۔ بینک نے منی لانڈرنگ پروٹوکولز کو نظرانداز کرتے ہوئے اپنے میکسیکن ذیلی ادارے سے بڑی رقم امریکا منتقل کی۔ اس سب کے باوجود متعلقہ بینک کے خلاف مجرمانہ کارروائی نہیں کی گئی۔ اس کے بجائے اس نے صرف 1.9 ارب ڈالرز کا جرمانہ ادا کیا جسے بہت سے لوگوں نے جرائم کے پیمانے اور بینک کے منافع کو دیکھتے ہوئے بہت چھوٹی سزا کے طور پر تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایسا ہی کچھ 2008ء کے مالیاتی بحران اور رہن کی حمایت یافتہ سیکیورٹیز کے فراڈ کے دوران ہوا تھا کہ جب کئی امریکی بینکوں نے جان بوجھ کر ناقص رہن کی سرمایہ کاری کو فروغ دیا۔ انہوں نے رہن کی حمایت یافتہ سیکیورٹیز کی پیکجنگ اور فروخت کے لیے دسیوں اربوں کے جرمانے ادا کیے جن کے بارے میں وہ جانتے تھے کہ ان کے ناکام ہونے کا امکان ہے کیونکہ وہ بیک وقت ان کے خلاف شرط لگا رہے ہیں۔

اس فراڈ نے عالمی مالیاتی بحران کو جنم دیا۔ لیکن مذکورہ فراڈ میں ملوث تمام بینکس پاکستان کے بینک کے برعکس سیاسی طور پر محفوظ تھے۔ بی سی سی آئی نے مغربی اجارہ داری کو چیلنج کرنے کی جسارت کی جس کا اسے خمیازہ بھگتنا پڑا۔ بی سی سی آئی ترقی پذیر دنیا کا پہلا بڑا عالمی بینک تھا۔ اس کی تیز ترقی، جارحانہ حکمت عملی اور صارفین کو روایتی مغربی بینکوں سے دور رکھنے کی صلاحیت مغرب میں ناراضی اور بے چینی کا باعث بنی۔ تو جب مشکل آئی تو بی سی سی آئی کے لندن یا نیویارک جیسے شہروں میں طاقتور اتحادی نہیں تھے۔ اسی طرح ہواوے و دیگر بڑی چینی ٹیک کمپنیز جیسے زی ٹی ای (ZTE)، ٹک ٹاک اور شیاؤمی پر موجود مغربی دباؤ بھی اسی پیٹرن کا حصہ ہے۔ اگر ہم بھارت کی صورت حال کے حوالے سے بحث میں ہواوے کو شامل کرتے ہیں تو یہ واضح ہو جاتا ہے کہ مغرب مضبوط غیر مغربی مسابقت سے نمٹنے کے لیے بہت سی حکمت عملیوں کا استعمال کرتا ہے۔ روس، وینزویلا اور ایران جیسے ممالک کو توڑنے کی ناکام کوششیں کی گئی ہیں تاکہ مغربی طاقتیں ان سے معاشی طور پر فائدہ اٹھا سکیں۔ ان کی یہ کوششیں کافی مشہور ہیں جن سے لیبیا سے یمن تک مشرق وسطیٰ کے کئی ممالک اسی طرح کے اقدامات کی وجہ سے بری طرح متاثر ہوئے۔ سرمایہ داری بنیادی طور پر نجی منافع پر چلتی ہے اور قدرتی طور پر عوامی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کو ناپسند کرتی ہے۔ بھارت میں تقریباً 80 کروڑ لوگ مفت یا سبسڈی والی خوراک پر انحصار کرتے ہیں جو ایک بڑے تضاد کو ظاہر کرتا ہے۔ تضاد یہ ہے کہ ملک میں دائیں بازو کی حکومت ہے جسے بڑے کاروباروں کی حمایت حاصل ہے لیکن زیادہ تر لوگ اب بھی بنیادی ضروریات کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ دو سرکردہ بھارتی ٹائیکونز گوتم اڈانی اور مکیش امبانی امریکا کے ساتھ مشکلات میں ہیں۔ ایک پر امریکی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لیے رشوت کی پیشکش کرنے کا الزام ہے اور دوسرے نے ڈونلڈ ٹرمپ کے روس سے تیل کی خریداری روکنے کے حکم کو نظرانداز کیا۔ 2013ء میں یہ دونوں ان سرفہرست گجراتی تاجروں میں شامل تھے جنہوں نے 2014ء کے انتخابات میں وزیراعظم کے امیدوار کے طور پر نریندر مودی کی حمایت کی تھی۔

مشترکہ ترقی کا ویژن

وفاق نامہ

رشید صافی

جب کوئی فرد یا قوم کامیابی کی بلندیوں کو چھوتی ہے تو ہر کوئی اس کے ساتھ تعلق قائم کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ ناکامی کے وقت ساتھ چھوڑ جانے والے دوست اور رشتے دار بھی کامیابی کی چمک دیکھ کر دوبارہ اس کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔ یہ ایسا انسانی رویہ ہے جو صدیوں سے چلا آ رہا ہے مگر تاریخ میں ایسے واقعات بہت کم ملتے ہیں جب ایک کامیاب اور طاقتور قوم اپنی کامیابی کو صرف اپنے تک محدود نہ رکھے بلکہ دوسری اقوام کا ہاتھ تھام کر انہیں بھی کامیاب بنانے کی کوشش کرے۔ یہ وہ نایاب رویہ ہے جسے ہم آج کے دور میں چین کی پالیسیوں میں دیکھ رہے ہیں۔ بلاشبہ دنیا چین کو ابھرتی ہوئی سپر پاور کے طور پر دیکھتی ہے۔ چین مشترکہ ترقی کا ماڈل پیش کرتا ہے۔ صدر شی جن پنگ کے اس تصور کے پیچھے یہ فلسفہ کارفرما ہے کہ دنیا کی حقیقی خوشحالی اور امن صرف اس وقت ممکن ہے جب تمام اقوام ایک ساتھ ترقی کریں۔ چین کا مشترکہ ترقی کا تصور صرف نظریاتی نہیں بلکہ اس کے عملی مظاہر دنیا بھر میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو جیسے بڑے منصوبے اس کی واضح مثال ہیں۔ ان منصوبوں کے تحت چین نے ترقی پذیر ممالک میں انفراسٹرکچر کی تعمیر میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی۔ ان میں سڑکیں، ریلوے لائنیں، بندرگاہیں اور توانائی کے منصوبے شامل ہیں۔ ان منصوبوں کا مقصد صرف چین کے تجارتی راستوں کو وسعت دینا نہیں بلکہ ان ممالک کی معیشتوں کو مضبوط کرنا بھی ہے۔

پاکستان کے تناظر میں چین کی مشترکہ ترقی کی سوچ کو بہ آسانی سمجھا جا سکتا ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری اس کی بہترین مثال ہے۔ سی پیک صرف ایک سڑک یا بجلی گھروں کا مجموعہ نہیں بلکہ یہ دونوں ملکوں کے درمیان ایک طویل مدتی اور سٹریٹجک شراکت کا عکاس ہے۔ اس منصوبے کے تحت پاکستان کے مختلف علاقوں میں توانائی کے منصوبے مکمل کیے گئے جس سے توانائی کا بحران کم کرنے میں مدد ملی۔ سڑکوں اور موٹر ویز کے جال بچھائے گئے جس سے ملک میں سفر اور تجارت آسان ہوئی۔ گوادر کی بندرگاہ کو جدید بنایا گیا جو پاکستان کو عالمی تجارت کے ایک اہم مرکز میں تبدیل کر سکتی ہے۔ یہ تمام منصوبے ملک عزیز کی معاشی ترقی کیلئے سنگ میل ثابت ہو رہے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ چین نے ان منصوبوں کو صرف قرضوں کے بوجھ کے طور پر پیش نہیں کیا بلکہ اس نے مقامی آبادی کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کیے پاکستانی انجینئرز اور ماہرین کو تربیت دی اور مقامی صنعتوں کو فروغ دینے میں مدد کی۔ چینی قیادت کا یہ بیان کہ "چین پاکستان کیلئے وہی پسند کرتا ہے جو اپنے عوام کیلئے پسند کرتا ہے" محض ایک سفارتی جملہ نہیں بلکہ اس میں گہری فکری اور عملی حکمت پوشیدہ ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ چین اپنی ترقی اور خوشحالی کیلئے جن اصولوں اور حکمت عملیوں پر کاربند ہے وہی اصول اور حکمت عملی وہ اپنے دوست ملک پاکستان کے ساتھ بھی بانٹ رہا ہے۔ چین کی مشترکہ ترقی کا ویژن صرف دو طرفہ تعلقات تک محدود نہیں بلکہ اس نے کثیر جہتی فورمز میں بھی نئی روح پھونکی ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم جو گلوبل ساؤتھ کے اتحاد کی علامت بن چکی ہے کا حالیہ سربراہی اجلاس تمام رکن ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر لاتا ہے تاکہ وہ مشترکہ چیلنجوں کا مقابلہ کر سکیں۔ صدر شی جن پنگ کا یہ نظریہ ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے ذریعے رکن ممالک آپس میں اتفاق رائے پیدا کر سکتے ہیں مشترکہ تعاون میں نئی روح پھونک سکتے ہیں اور ایک ایسے عالمی نظام کی بنیاد رکھ سکتے ہیں جو صرف سکیورٹی پر نہیں بلکہ مشترکہ خوشحالی اور ترقی پر بھی مبنی ہو۔ ان کے الفاظ میں شنگھائی تعاون تنظیم بین الاقوامی تعلقات کی ایک نئی قسم اور انسانیت کیلئے مشترکہ مستقبل کی حامل کمیونٹی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ ویژن ظاہر کرتا ہے کہ چین اب علاقائی سلامتی کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کی معاشی ترقی کو بھی اپنے اہم ترین اہداف میں شامل کر چکا ہے اور وہ اپنے دوست ممالک کے ساتھ مل کر ایک بہتر اور مستحکم مستقبل کی تعمیر کرنا چاہتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس میں عالمی رہنماؤں سے نتیجہ خیز ملاقاتیں کیں اور علاقائی مسائل پر پاکستان کے موقف کو بھرپور انداز میں پیش کیا۔ اس موقع پر خطاب میں انہوں نے دہشت گردی اور علیحدگی پسندی کو ایس سی او کے تمام رکن ممالک کیلئے ایک بڑا خطرہ قرار دیا۔ انہوں نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کو بھی جرأت مندی اور موثر انداز میں بے نقاب کیا۔ اس اجلاس میں پاکستان کو بھارت کے مقابلے میں زیادہ اہمیت ملی جس کا ثبوت یہ ہے کہ کانفرنس کے مشترکہ اعلامیے میں جعفر ایکسپریس اور خضدار حملوں کی واضح الفاظ میں مذمت کی گئی۔ یہ پاکستان کی ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے جو علاقائی اور عالمی سطح پر پاکستان کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کی عکاس ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس میں پاکستان اور بھارت کے وزرائے اعظم کی شرکت سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس سے دونوں ممالک کے تعلقات میں کوئی پیش رفت ممکن ہے؟ یہ قیاس آرائیاں فطری ہیں کہ ایس سی او اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور نریندر مودی کے درمیان ملاقات ہوئی یا نہیں۔

سیلاب اور مغالطے

شہر یاراں

فلڈ مینجمنٹ اور میڈیا مینجمنٹ

لعل و گوہر

روشن لعل

جنوبی ایشیا میں چین کی سفارتی سرگرمیاں

حقائق نامہ

حسن عسکری رضوی

’’ممی پاؤ‘‘

برملا



نصرت جاوید

شنگھائی تعاون تنظیم: دہشت گردی کے خلاف مضبوط پلیٹ فارم

تاثرات



سید مجاہد علی

ڈی سی چمن کا پولیو مہم کے دوسرے روز پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ

پولیو وائرس عمر بھر کیلئے بچوں کو معذور اور اپاہج بنا دیتی ہے ، حبیب احمد بنگلزئی

والدین پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں ، گفتگو

اوستہ محمد ، امن وامان کی صورتحال گھمبیر عوام عدم تحفظ کا شکار

اوستہ محمد (آن لائن) امن وامان کی صورتحال گھمبیر عوام عدم تحفظ کا شکار بلوچستان حکومت ناکام ہے اور بے ساکھیوں پر چل رہی ہے۔ خود محفوظ نہیں ہیں تو عوام کو کیا تحفظ دیں گے عوامی حلقے تفصیلات کے مطابق عوامی حلقوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت اپنے کو تحفظ نہیں دے پا رہے ہیں تو عوام کو کیا دیں گے انہیں نے کہا کہ بلوچستان حکومت بے ساکھیوں پر ہے وہ کیا تحفظ دیں گے

جھل مگسی، اے سی فہد شاہ راشدی و دیگر گرفتار ملزم کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

ممکنہ سیلابی صورتحال ، تمام محکموں کے افسران کو الرٹ رہنے کی ہدایت

افسران و عملے کی چھٹیاں منسوخ کرنے کا حکم ، تمام اہلکار اپنی جائے تعیناتی پر موجودگی کو ہر صورت یقینی بنائیں

ضلعی سطح پر تمام وسائل کو متحرک کر دیا گیا تا کہ کسی بھی ممکنہ صورتحال کا بروقت مقابلہ کیا جا سکے ، منیر احمد خان کاکڑ

اے ڈی سی فدا بلوچ کا چمن کے مختلف بی ایچ یوز کا اچانک دورہ

ڈاکٹرز خدمت خلق کو اپنا شعار اور مریضوں کو بروقت علاج و معالجہ کریں

... دورہ کیا اس دوران انہوں نے بی ایچ یوز میں ڈاکٹروں اور سٹاف کی حاضری اور میڈیکل رجسٹرز کو چیک کیا انہوں نے کہا کہ چمن کوئٹہ شہر سے کافی دور واقع ہے لہٰذا ڈاکٹرز اور سٹاف خدمت خلق کو اپنا شعار بنائیں اور مریضوں کی بروقت علاج و معالجہ کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ چمن ... صورت میں مریضوں کی زندگیوں کو سخت نقصان اور خطرات لاحق ہونے کا اندیشہ موجود ہوتا ہے اسلئے ڈاکٹرز پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی خدمات دیانتداری اور ایمانداری سے انجام دیں تا کہ ہم ایک صحت مند معاشرے میں خوشحال زندگی گزارنے کے قابل رہیں

خانوزئی، ایرانی ڈیزل پٹرول کی قیمت میں اضافہ، غریب عوام پریشان

حکومت قانونی طریقے سے ایران سے معاہدے کرے تا کہ عوام ریلیف مل سکے

خانوزئی (نامہ نگار) ایرانی ڈیزل پٹرول کی قیمت میں اضافہ سے غریب عوام پریشان، حکومت لیگل طریقہ پر ایران سے معاہدے کرکے عوام کو تیل فراہم کرے ۔ ملک بھر میں ایرانی پٹرول اور ڈیزل کی فراہمی غیر قانونی طریقے سے جاری ہے۔ پاکستان کے اعلیٰ ذمہ دار حکام تمام ہمسایہ ملکوں سے ایک جامع مضبوط تجارتی معاہدہ کرے تا کہ ٹیکس ملکی خزانے میں جائے اور غیر قانونی کاروبار کا راستہ روکا جا سکے۔

عوام بنیادی سہولتوں کی منتظر، پی ایچ ای اقدامات کرے، شہری ایکشن کمیٹی

ڈیرہ مراد جمالی اور گردونواح میں پینے کے صاف پانی کی قلت پر تشویش کا اظہار

1	**REHB: & RE-CAR: B/T ROADS FROM MALL ROAD DC OFFICE TO FC KILLA CHAMAN DUAL CARRIAGE WAY DISTRICT CHAMAN PSDP NO 1336 (Z2025.1987)** TSE 252609837563	69.335 M

Procurements shall be made under the Balochistan public Procurement Rules- 2014. **BASIC ELIGIBILITY**: Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – Two Envelop Bidding Procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: the Bidding document can be downloaded for www.bppra.pk and the same can also be obtained from the office of the under signed upon payment of prescribed tender fee deposited in the head of account C-02716 NBP Bank green challan is verified by treasury. **DEAD LINE OF SUBMISSION**: the bidder can be submit E-Bid on the BPPRA web site before 22, September, 2025 at 10:00 Hrs. **Opening**: The Technical Bids' will be opened on the same day i.e. 22, September, 2025, at 11:00 Hrs before procurement committee in the presence of bides. Address: The Executive Engineer Road CWPP&H Department District Chaman

Executive Engineer (Road)
CWPP&H Department
District Chaman

PRQ No.1016/2-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The **Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Panjgur,** invites sealed Tender/Bid for execution of various development works, under the below mentioned PSDP 2025-26 scheme, from eligible contractors/firms with the Bid Security **@ 2%** of estimated cost in shape of Call Deposit (Refundable). The non-refundable Tender Fee to be deposited in any **National Bank of Pakistan Branch** situated in Balochistan Province through Green Bank Challan in a head of account (**C03136**) **(verified by the District Accounts Officer)**. The scheduled items rates of BoQs of the tender is based on BCSR-2023. Tender Fee (Rupee) 2000 PKR

S#	Name of Work/s	E/Cost
1	D/D OF BORES, INST: OF SOLAR SYSTEM ON BORES, CONST: OF WSTs AND INST: OF PVC PIPES FOR AGRICULTURE PURPOSE AT HAJI ABDUL SALAM MIRWANI PANJGUR PSDP 2025-26 S.NO. 59 [Z2025.0041] **TSE-252609838123**	17,827,084

Procurements shall be made under BPP Rules 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Taxpayer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 12,478,958 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) in Relevant Category and Specialized Code is CE04(i) (Dams/Water Retaining Structures), CE09(ii) (Water Supply), EE11(vi) (Solar Installation). Income Tax Registration certificate is required The bidding firm must submit Income Tax Return of Taxation Year 2024 The Bidding Firm must submit Audit Report / Audit Balance Sheet of FY 2022-23, 2023-24 & 2024-25 The bidding Firm must submit Company's latest Bank Account Statement or Bank Credit Line Certificate. The issuance date of Bank Account Statement or Bank Credit Line Certificate shall not be older than the issuance of this NIT The bidding firm must submit the Tender Fee of 2000 amount in the Head of Account C03136 on Green Challan duly verified by District Treasury **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee/Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **18 September, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **18 September, 2025** till **10:30 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **11:30 AM**
Address: Office of the Deputy Director Agriculture (OFWM) District Panjgur. **Phone no:** 0855641404
Email: muhammadhaasn7@gmail.com
Note:- The Tender Opening Committee/Bid Evaluation Committee reserves the right (Delegated by the BPPRA Rules 2014) that either accept or reject any or all the offers/quotations prior to the acceptance of a bid. a) The Contractor/Firm not qualifying the basic eligibility criteria will not be entertained in the bidding process. b) The bidder / firm should quote all the rates in BOQ's otherwise the bidding would be considered non-responsive. c) All the bidders are required to get registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB, bidders not registered with BPPRA shall not be entertained in the bidding process.

Deputy Director Agriculture
On Farm Water Management
District Panjgur

PRQ No.1020/02-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 وزیراعلیٰ

جماعتیں جو اس ایوان کا حصہ نہیں ہیں وہ کورٹ میں چلی گئیں، ہم ڈائیلاگ کیلئے تیار ہیں بجائے اس کے کہ یہ معاملات کہیں اور حل ہوں، انہوں نے کہا کہ یہ پارلیمنٹ کے مسئلے ہیں یہ پارلیمنٹ میں حل ہونا چاہیے پارلیمنٹ ہی سپریم ادارہ ہے سیاسی جماعتوں اور مائنز ایسوسی ایشن کے نمائندے محکمہ معدنیات کے آفیسران اس پر بیٹھ کر بحث کریں جس کیلئے اپوزیشن لیڈر تاریخ دیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ہم مائنز اینڈ منرلز بل پر سب کو اعتماد میں لیں گے، صوبے کے عوام کے حقوق سلب ہونے نہیں دیں گے، اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈائیلاگ کی دعوت سیاسی بلوغت کا مظہر ہے اور صوبے کے مفاد میں اہم فیصلہ ہے۔

بقیہ 2 میر سرفراز بگٹی

عزم کیا ہے کہ اپنے قدرتی وسائل کو عالمی سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بروئے کار لائیں تاکہ صوبے کی تقدیر بدلی جاسکے انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر بے بنیاد پراپیگنڈہ کیا جا رہا ہے، بلوچستان کے وسائل پر کسی کو عوام کی مرضی کے بغیر اختیار نہیں دیا جائے گا یہ ایکٹ دوبارہ اسمبلی میں لا کر اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اتفاق رائے سے منظور کیا جائے گا اور صوبے کے حقوق کا ہر حال میں تحفظ کیا جائے گا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کربلا اور گردونواح کے عوام کے لیے اہم ترقیاتی اقدامات کا اعلان کیا انہوں نے اعلان کیا کہ کربلا کو تحصیل کا درجہ دیا جائے گا کربلا کے ہسپتال کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بنایا جائے گا اور اسے انڈس ہسپتال کے انتظام کے تحت چلایا جائے گا بلوچ برادری کے دیرینہ مطالبے پر 10 کلومیٹر سڑک تعمیر کی جائے گی علاقے میں شمسی توانائی کے منصوبے لگائے جائیں گے ایک نیا انٹر کالج قائم کیا جائے گا حرمزئی، کربلا اور سارانان کو شامل کرتے ہوئے 50 کروڑ روپے مالیت کا ترقیاتی پیکج دیا جائے گا کربلا کو قوانین کے مطابق میونسپل کمیٹی کا درجہ دیا جائے گا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرے لیے اپوزیشن اور حکومت کی تفریق معنی نہیں رکھتی پورا بلوچستان میری ترجیح ہے بلوچستان کے نوجوانوں کو بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے تحت دنیا کی دو سو جامعات میں تعلیم کے مواقع دیے جا رہے ہیں تاکہ وہ جدید علوم کے ذریعے صوبے اور ملک کی خدمت کرسکیں نوجوان اس سے استفادہ کریں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور عوامی خدمت ہے اور ہم اس عزم پر قائم ہیں پاکستانیت میں ہی عظمت ہے یہ ملک ہے تو ہم ہیں اور ملک کی خدمت و وفاداری ہی ہمیں عزت و کامیابی دلوائے گی اجتماع سے رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر علی آغا، اصغر خان ترین نے بھی خطاب کیا جبکہ صوبائی وزیر وزیرا بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، اراکین صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی، زرک مندوخیل لیڈر آف اپوزیشن میر یونس عزیز زہری و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 3 چینی صدر

ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں دہشتگردی میں بیرونی ہاتھ ملوث ہے، بیانیہ دنیا تسلیم نہیں کرتی، پاکستان کے عوام چین کے ساتھ دوستی کو دل سے پسند کرتے ہیں جبکہ چین کے صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں چین پاکستان کی حمایت کرتا ہے۔ چینی سرکاری میڈیا کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور چینی صدر شی جن پنگ کے درمیان بیجنگ میں ملاقات ہوئی جس میں خطے کی صورتحال اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود کی سطح کی ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، احسن اقبال اور دیگر وزرا بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چینی صدر نے کہا کہ امید ہے پاکستان چینی عملے، منصوبوں اور اداروں کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کرے گا۔ وزیراعظم نے چینی صدر کی قائدانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین عظیم دوست ہیں جو ہر آزمائش میں پورا اترے ہیں، بیلٹ اینڈ روڈ، سی پیک منصوبہ صدر شی جن پنگ کی مثالی قیادت کا ثبوت ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاکستان کے عوام چین کے ساتھ دوستی کو دل سے پسند کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین جنوبی ایشیا میں جامع مذاکرات کی نگرانی کرے، تاکہ مذاکرات کے ثمرات پاکستان کو مل سکیں، بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں دہشتگردی میں بیرونی ہاتھ ملوث ہے، بیانیہ دنیا تسلیم نہیں کرتی۔ اس سے قبل وزیراعظم نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ تیانجن کے اسٹینڈنگ ممبر اور تیانجن۔ بنہائی نیو ایریا کے پارٹی سیکریٹری لیون ماچن سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نے پاکستان میں توانائی کے شعبے کی ترقی اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کیا ہے، سی پیک کے فیز 2 میں اسمارٹ سٹیز، زرعی صنعت کے حوالے سے تعاون اور نیکسٹ جنریشن ٹیکنالوجی انڈسٹری پر خاص توجہ مرکوز کی جائے گی۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی دنیا بھر میں ایک نمایاں اور منفرد مقام رکھتی ہے، چین اور پاکستان ہر مشکل میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چینی صدر شی جن پنگ کی زیر قیادت تیانجن کی ترقی دیکھ کر انتہائی خوشی ہوئی ہے، تیانجن۔ بنہائی نیو ایریا اور پاکستان کے درمیان اقتصادی تعاون اور تجارت بڑھانے کے خواہاں ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کے کراچی پورٹ، بن قاسم پورٹ اور گوادر پورٹ اور چین کے تیانجن پورٹ درمیان تعاون اور تجارت کو وسعت دینا چاہتے ہیں، پورٹ ہینڈلنگ اور پورٹ آپریشنز کے معاملات کے حوالے سے تیانجن۔ بنہائی نیو ایریا کی مہارت سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاکستان میں خصوصی اقتصادی زونز کے قیام کے حوالے سے چینی کمپنیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، فارماسیوٹیکل، بائیو میڈیسن اور جانوروں کی ویکسین کے حوالے سے تیانجن۔ بنہائی نیو ایریا کی صنعت سے تعاون بڑھانے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے پچھلے ڈیڑھ سال میں معاشی اصلاحات میں نمایاں سنگ میل عبور کیے ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ڈیجیٹائزیشن، نئی قومی اقتصادی پالیسی اور آئی ٹی سے متعلق اقدامات کے فروغ سمیت کئی دیگر اصلاحات کی خود نگرانی کر رہا ہوں۔ وزیراعظم نے تیانجن میں صنعتی و اقتصادی شعبے سے وابستہ نمایاں افراد کے وفد کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔ وزیراعظم کو تیانجن۔ بنہائی نیو ایریا کے پارٹی سیکریٹری لیون ماچن کی جانب سے تیانجن۔ بنہائی نیو ایریا کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 4 صدر ولادیمیر پیوٹن

کے ساتھ دو طرفہ تعلقات کا فروغ چاہتے ہیں۔ چین کے دارالحکومت بیجنگ میں وزیراعظم شہباز شریف اور روسی صدر پیوٹن کے درمیان ملاقات ہوئی ہے، اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے گرم جوشی سے مصافحہ کیا۔ اس موقع پر صدر پیوٹن نے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کو نومبر میں دورہ روس کی دعوت دی۔ روسی صدر پیوٹن نے کہا کہ پاکستان کو قدرتی آفت کا سامنا ہے، پاکستان میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات پر افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس اور پاکستان کے درمیان تعلقات کے فروغ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، امید ہے کہ پاکستان قدرتی آفات سے درپیش مشکلات کا کامیابی سے مقابلہ کرے گا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ روس کے ساتھ دوطرفہ تجارت بڑھانا چاہتے ہیں، ہم درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، پاکستان اور روس زراعت، توانائی اور ٹرانسپورٹ میں تعاون

بڑھانے کے پروٹوکول پر دستخط کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روس کے ساتھ مضبوط تعلقات کے خواہشمند ہیں، پاکستان روس کے ساتھ دو طرفہ تعلقات بڑھانے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 5 بنوں، فتنہ الخوارج

نے ایف سی لائن میں داخلے کی کوشش کی جسے پولیس نے ناکام بنا دیا اور جوابی کارروائی میں 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ حملے کے فوراً بعد پاک فوج نے مقامی بریگیڈ کمانڈر کی زیر نگرانی آپریشن کا آغاز کر کے دہشتگردوں کو ہلاک کیا کلیئرنس کے عمل میں پاک فوج کے کمانڈوز نے حصہ لیا۔ دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں ابتدائی طور پر ایف سی 5 اہلکار زخمی ہوئے تھے جو بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گئے۔ منگل کی صبح بنوں میں فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) لائنز کے مرکزی دروازے پر خودکش حملہ آوروں نے بارود سے بھری گاڑی ٹکرا دی جس کے نتیجے میں زوردار دھماکا ہوا، پولیس کے مطابق حملہ آور احاطے کے اندر داخل ہو گئے تھے، جس کے بعد آپریشن شروع کیا گیا۔ ایف سی لائنز کے باہر موجود ریجنل پولیس آفیسر سجاد خان نے بتایا کہ آپریشن کی قیادت بنوں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سلیم عباس کر رہے تھے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں کم از کم 5 دہشت گرد مارے گئے۔ ادھر، لکی مروت کے تھانہ حدود نورنگ خیل اڈہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار جاں بحق ہو گئے۔ گزشتہ چند ماہ میں خیبرپختونخوا کے مختلف اضلاع بشمول بنوں، پشاور، کرک، لکی مروت اور باجوڑ میں پولیس پر دہشت گرد حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔ خاص طور پر جولائی میں بنوں میں پولیس کو متعدد حملوں کا سامنا کرنا پڑا، گزشتہ ماہ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے بنوں کے جوید اور وزیر آباد کے علاقوں میں کارروائی کے دوران 14 دہشت گردوں کے سہولت کاروں کو گرفتار کر کے ان کے ٹھکانے تباہ کیے تھے، 3 اگست کو بھی بنوں میں ایک چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے میں پولیس کانسٹیبل شہید اور تین اہلکار زخمی ہو گئے تھے جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشت گرد مارے گئے تھے۔ جولائی میں میریان پولیس اسٹیشن پر دہشت گردوں نے ڈرون کے ذریعے حملہ کیا تھا جو ایک ماہ میں پانچویں بار اس تنصیب کو نشانہ بنایا گیا تھا۔

بقیہ 6 پی ٹی آئی

جاوید اقبال اور حاجی امتیاز احمد شامل ہیں۔

بقیہ 7 مسلسل بلند

سے دریائے چناب اور راوی کے ریلوں نے کبیر والا کے 49 موضع جات کو پانی پانی کر دیا جب کہ شجاع آباد کے 6 موضع جات کو بھی لپیٹ میں لے لیا۔ مظفر گڑھ میں بھی دریائے چناب اب تک 40 سے زائد موضع جات کو ڈبو چکا ہے، دریا کی سطح میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ اس کے علاوہ دریائے ستلج کے ریلے بہاولپور، بہاولنگر، چشتیاں اور عارف والا کی کئی بستیوں میں داخل ہو گئے جب کہ فصلیں پانی کی نذر ہو گئیں۔ دریائے راوی ساہیوال کے 30 اور چیچہ وطنی کے 38 موضع جات کو بھی زیر آب لے آیا، دونوں مقامات پر 12 ہزار 850 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا جب کہ جھنگ میں دریائے چناب کی سطح کم ہو گئی مگر سیلابی صورتحال برقرار ہے۔ اوکاڑہ میں دریائے ستلج کے ریلوں سے 112 آبادیاں متاثر ہوئیں جب کہ سیکڑوں گھر کے مکانات دریا برد ہو گئے۔ اس کے علاوہ قصور میں گنڈا سنگھ کے مقام پر سیلابی صورتحال گزشتہ ہفتے سے تاحال برقرار ہے۔ بھارت کی جانب سے آبی جارحیت کا سلسلہ جاری ہے۔ پنجاب میں دریائے ستلج، راوی اور چناب نے تباہی مچادی، جلال پور پیر والہ میں دریائے چناب کی موجیں بے قابو ہو گئیں، موضع سنرول میں عوامی بند ٹوٹ گیا، جس کے باعث آبادی اور کھیت زیر آب آ گئے جب کہ لوگ اپنی مدد آپ کے تحت بند باندھنے میں مصروف ہیں۔

بقیہ 8 گورنر، وزیراعلیٰ

ذمہ داری ہے اور قومی اتحاد و اتفاق سے ہم صوبے کی پرامن صورتحال کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملائیں گے۔ گورنر بلوچستان نے تمام زخمیوں کو فوری طور پر بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ جلد از جلد ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائیں۔ گورنر مندوخیل نے بلوچستان کی سرزمین کو ہر قسم کی دہشت گردی سے پاک کرنے اور صوبے کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور دیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے کے واقعے کی اطلاع ملتے ہی اپنا دورہ لاہور منسوخ کر دیا اور فوری طور پر کوئٹہ ایئرپورٹ سے واپس وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ پہنچ گئے انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان کو واقعے کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی وزیر اعلیٰ نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام کو اسپتال پہنچ کر تمام تر صورتحال کی ذاتی طور پر نگرانی کی ہدایت کی جبکہ سی ایم ایچ میں بھی ضروری انتظامات یقینی بنانے پر زور دیا ان کی ہدایت پر چھ زخمیوں کو علاج کے لیے سی ایم ایچ منتقل کیا گیا اور اسپتالوں میں سیکورٹی کو مزید موثر بنانے کے اقدامات بھی کیے گئے وزیر اعلیٰ بلوچستان رات گئے تک صورتحال کا خود جائزہ لیتے رہے اور صوبائی وزیر صحت سے زخمیوں کے علاج معالجے اور طبی سہولیات کے بارے میں مسلسل آگاہی حاصل کرتے رہے

بقیہ 9 اسد قیصر

اپنے بیان میں اسد قیصر نے کہا کالاباغ ڈیم پر علی امین گنڈاپور کا بیان ذاتی ہے، پارٹی پالیسی نہیں، نہیں سمجھتے کالاباغ ڈیم کی کوئی ضرورت ہے اور بھی چھوٹے چھوٹے ڈیم بنائے جاسکتے ہیں، علی امین گنڈاپور کے اپنے علاقے میں چشمہ رائٹ بینک کینال کا پراجیکٹ ہے، علاقے کی پانی ضرورت پوری ہو جائیگی، متنازع چیزوں کو غیر ضروری طور پر چھیڑنا اچھا نہیں۔

بقیہ 10 سریاب روڈ میں دھماکہ

و موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا دھماکے کی اطلاع ملنے پر ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو طلب کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق منگل کی شب کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب روڈ شاہوانی اسٹیڈیم میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے کے اختتام پر سیاسی قائدین بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، پشتونخواہ میپ کے مرکزی چیئرمین محمود خان اچکزئی، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما کبیر احمد محمد شہی اور کارکن گاڑیوں موٹر سائیکلوں پر واپس جا رہے تھے کہ پارکنگ ایریا میں پہلے سے موجود خودکش حملہ آور نے خود کو اڑا لیا جس کے نتیجے میں انٹیلی جنس برانچ کے اہلکار سمیت سیاسی پارٹی کے کارکن اسحاق، نجیب اللہ، شان حنیف، مدد خان، وقار، حفیظ، عبدالنبی، نصر اللہ، اللہ بخش، نجیب، اللہ بخش، وقار، سمیت 14 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ سابق رکن صوبائی اسمبلی احمد نواز بلوچ، لیبر سیکرٹری موسیٰ جان بلوچ، نادر، محمد صادق، سراج احمد، نصیب اللہ، بشیر، علی اکبر، محمد اسحاق، شاہ فیصل، قربان، محمد مراد، عرفان، روت پرویز، مدد خان، شبیر احمد، نور احمد، فاروق، اعجاز، میر باز خان، عبدالطیف، کاشف، بسم اللہ، بصیر نواب، کلیم اللہ، رسول بخش، شامران، محمد یوسف، سمیع اللہ، سمیت 31 سے زائد افراد شدید زخمی ہو گئے جبکہ قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے دھماکے سے علاقے میں بھگدڑ مچ گئی اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز پولیس سی ٹی ڈی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں سابق چیئرمین سینیٹ و رکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی کے والد کی وفات اور دیگر واقعات میں شہید ہونے والوں کے لئے فاتحہ خوانی کی جارہی ہے

پاکستان، جاپان ترقی اور خوشگوار تعلقات کو فروغ دے رہے ہیں، گورنر

جاپان جدید ترین ٹیکنالوجی اور دوسری جانب کرپشن اور دنیا کی انسانیت کی خدمت میں بھی سرگرم عمل ہے، جعفر خان مندوخیل

بلوچستان میں بائیو ایجوکیشن کے سیکٹر میں تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے اس سلسلے میں جاپان کو تجربہ اور ٹیکنالوجی بہتر مدد اور رہنمائی فراہم کرسکتے ہیں

ہم جاپانی سرمایہ کاری کا گرم جوشی سے خیر مقدم کرتے ہیں جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید عمار شاہ اور ڈائریکٹر قونصلیٹ اسرار عدیل سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

خروٹ آباد پولیس کی کارروائی 4 ملزمان سمیت 8 افغان باشندے گرفتار

... پیشہ ور عناصر، اشتہاری، مفرور، ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزمان سمیت بغیر نمبر پلیٹ کے درجنوں موٹر سائیکلوں کو بند کرکے 4 ملزمان جبکہ 8 افغان باشندوں کو گرفتار کرکے ڈپٹی کمشنر کے دفتر کے حکام کے حوالے کردیا گزشتہ روز ایچ ڈی پی او صدر شوکت جدون کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او خروٹ آباد عبدالحئی گرانی نے دیگر عملے کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کیا

پشین، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کلی کربلا میں چھوٹی بچی کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں

جرمن سفیر آیا ہے تو غلاموں کی طرح سوچنا، گنڈاپور نے اسسٹنٹ کی بے عزتی کردی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے جرمنی کے سفیر کی ملاقات کے پیغام پر اپنے اسسٹنٹ (پی اے) کی بے عزتی کر دی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور اور پی اے کی گفتگو سامنے آگئی، پی اے کہتا ہے سر آپ کی میٹنگ کا وقت ہو چکا ہے، علی امین گنڈاپور جواب دیتے ہیں تمہارا کیا کام ہے جرمن سفیر آیا ہے تو کیا ہوا تم بس غلاموں کی طرح سوچنا، جرمن سفیر آ گیا

جھل مگسی لیویز تھانے کی کارروائی ملزم گرفتار

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی خصوصی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی فہد شاہ راشدی، رسالدار میجر عبدالحکیم ابڑو، ایس ایچ او لیویز تھانہ جھل مگسی، نائب رسالدار صوبہ خان چینجی، ایس ایچ او لیویز تھانہ کوٹ مگسی رسالدار صابر حسین مگسی و دیگر لیویز فورس نے خفیہ اطلاع موصول ہونے پر مشترکہ کارروائی عمل میں لاکر لیویز تھانہ جھل مگسی کو مطلوب ملزم عبدالرحیم ولد شاہ میر قوم بنگل / بروہی سکنہ گاؤں کھتور کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا۔

ترقی کے اہداف کا حصول خواتین کی معاشی شمولیت سے مشروط ہے، رابعہ بلیدی

ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈومنٹ فنڈ کے قیام کا مقصد خواتین کی معاشی خودمختاری ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈومنٹ فنڈ کے قیام کا بنیادی مقصد بلوچستان کی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا اور انہیں پائیدار ترقی کے سفر میں حقیقی شراکت دا...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان میں لاکھوں زلزلہ متاثرین امداد کے منتظر ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

اقوام متحدہ اور عالمی برادری اس تباہی کو مدنظر رکھ کر فوری امدادی اقدامات کرے

زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو کے طویل المدتی منصوبوں کا آغاز کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی کونسل مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پی ٹی آئی کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ پارٹی کے سینئر ساتھیوں سے صوبے میں پارٹی کی فعالیت کے بارے میں بات چیت کررہے ہیں

جے یو آئی نے ہمیشہ اصولوں اور نظریے کی پاسداری کی ہے، مولانا عبدالواسع

جماعت نے اقتدار کی خواہش کے بجائے اپنے منشور اور موقف کو ترجیح دی ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جے یو آئی ہمیشہ اصولوں، نظریے اور عوامی اعتماد کی پاسداری رہی ہے۔ جماعت نے اقتدار کی خواہش کے بجائے اپنے منشور اور موقف کو ترجیح دی ہے، اور یہی ہے جے یو آئی کی اصل پہچان اور اس کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کا مشن...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان لیبر فیڈریشن کی سریاب روڈ پر دھماکے کی مذمت

زخمیوں بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، خان زمان، حاجی بشیر احمد رند

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین حاجی بشیر احمد رند سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جنگ، عارف خان نیچاری، ورین محمد حسنی، ملک وحید کاسی ملک محمد حسین منگوئی ظفر خان رند حبیب...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچ قوم بدترین نوآبادیاتی نظام کا شکار ہے، نیشنل پارٹی

صوبے میں سیاسی بیگانگی پھیلانے کی دانستہ کوششیں جاری ہیں، اسلم بلوچ

بلوچ نوجوان اپنے ساحل و وسائل زبان ثقافت کے تحفظ سے غافل نہیں، ڈگری کالج میں طلباء سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچ بدترین نوآبادیاتی نظام کا شکار ہے لیکن بلوچ نے کبھی بھی اس کالونیل ازم کو تسلیم نہیں کیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈگری کالج کوئٹہ میں بی ایس او پجار کے زیر اہتمام...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

خالی اسامیوں پر میرٹ یقینی بنانے کیلئے بہتر پالیسی تیار کی جائے، چیف سیکرٹری

تمام اضلاع میں محکمے فعال اور افسران اپنی جائے تعیناتی پر موجود رہیں تاکہ عوامی مسائل فوری حل ہو سکیں، شکیل قادر خان

فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری حل پر خصوصی توجہ دی جائے

تمام محکمے سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر ترقیاتی کاموں کی تشہیر کریں، ایک جدید اور موثر ذریعہ ہے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

تربت اسکول وین اور پک اپ میں تصادم 7 طالبات زخمی

تربت (...) تربت یونیورسٹی اسکول وین اور پک اپ گاڑی میں تصادم سے 7 طالبات زخمی ہوگئیں جنہیں فوری طور پر طبی امداد کیلئے ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کردیا گیا، زخمی بچے کیچی دشت فیلی سے تعلق رکھتے ہیں۔

بلوچستان بھر میں فائرنگ و حادثات کے نتیجے میں 8 افراد ہلاک، 2 زخمی

نوشکی خلق مینگل میں فائرنگ سے شیر جان مینگل اور خاران میں لڑکا اور لڑکی قتل، شاہرگ کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے کانکن جاں بحق

پنجگور میں گاڑی کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار میاں بیوی جاں بحق، کمسن بچہ زخمی، قلات سے کوئٹہ آنے والی تیل بردار گاڑی الٹنے سے ڈرائیور فضل جھلس کر ہلاک

بانجھی پور میں بھینس چوروں کی فائرنگ سے مالک عبدالباقی ہلاک، لاشیں اور زخمی ہسپتال منتقل، مزید تحقیقات متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے

کوئٹہ، نوشکی (سٹی رپورٹر + نیوز ایجنسیاں) نوشکی خلق مینگل میں فائرنگ سے ڈگری کالج کا ملازم جاں بحق ہوگیا نوشکی کلی مینگل میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق تفصیلات کے مطابق نوشکی کے علاقہ خلق مینگل میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈگری کالج نوشکی کا ملازم شیر جان مینگل جاں بحق ہوگیا پولیس واقعہ کی مزید تفتیش کررہی ہے دریں اثناء شاہرگ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

نیوسریاب پولیس کی کارروائی، مفرور ملزم گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیوسریاب پولیس نے مفرور ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز نیوسریاب پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں مطلوب ملزم عبدالستار کو گرفتار کرکے اس کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

تاجر حضرات آٹے اور چینی کی ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں، قاری مہراللہ

مافیاز اشیائے خوردونوش کی مصنوعی قلت پیدا کرکے سرمایہ بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں

کوئٹہ (این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، آغا ابراہیم شاہ، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم، حاجی نادر خان اچکزئی، حاجی محمد نور اخوندزادہ، مولانا شمس اللہ، مولوی صالح محمد نے کہا کہ تاجر حضرات آٹا، چینی ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں، ذخیرہ اندوزی کی باعث ضرورت کی اشیاء میں...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی رہائی کیلئے منظم عوامی تحریک شروع کی جائے گی، پی ٹی آئی

جلد گرینڈ مشاورتی اجلاس طلب جس میں سینئر ساتھی اور قربانی دینے والے کارکنان شریک ہونگے

سینئر دوستوں کو اعتماد میں لیکر آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے، داؤد شاہ کاکڑ، عالم کاکڑ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سینئر رہنماؤں کی ایک اہم مشاورتی بیٹھک کوئٹہ میں منعقد ہوئی جس میں پارٹی کو درپیش چیلنجز، گروپ بندیوں کے خاتمے اور میرٹ و آئین کی بالادستی کے قیام پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس میں پارٹی کو فعال، منظم اور متحد بنانے کے لئے اہم فیصلے کئے گئے۔ بیٹھک میں صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گزشتہ تین سے چار ماہ میں متعدد سمگلرز گرفتار ہوئے ہیں

گرفتاریاں محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس کی مختلف کارروائیوں میں ہوئیں

کوئٹہ (خ ن) گزشتہ تین سے چار مہینوں کے دوران ایکسائز، ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس بلوچستان نے وہ شاندار اور تاریخی کارروائیاں کی ہیں جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ بلوچستان کی سرزمین پر امن قائم رکھنے اور نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور سے بچانے کے لیے اس محکمے نے جس بہادری، ذمہ داری اور ایمانداری کے ساتھ کام کیا ہے وہ قابل ستائش...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی تربیتی اجتماع کل جامعہ دارالہدیٰ خانوزئی میں منعقد ہوگا، جے یو پی

اجتماع میں رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی سمیت ملک بھر سے قائدین کی شرکت متوقع

کوئٹہ (آن لائن) جے یو آئی پاکستان کے صوبائی پریس ریلیز کے مطابق جماعت کا سالانہ صوبائی تربیتی اجتماع کل 4 ستمبر کو جامعہ دارالہدیٰ بارڈگی ناؤن تحصیل نانا صاحب خانوزئی میں منعقد ہوگا تربیتی اجتماع کا آغاز سہ پہر تین بجے ہوگا اجتماع کے تین سیشن ہوں گے تربیتی اجتماع کیلئے تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں اور مختلف امور کو انجام دینے کیلئے...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرے گی، حاجی برکت رند

حلقہ انتخاب کے تمام علاقوں میں یکساں ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد جاری ہے، پارلیمانی سیکرٹری فشریز

مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، ایم پی اے کی وفود سے گفتگو

تربت (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے فشریز حاجی برکت رند سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی جن میں حاجی منصور ہوت، حاجی نذیر رند، نوروز شوکت رند، حاجی ارشاد ذھنداہی، حاجی صوفی خدابخش، عطاء اللہ خدابخش، منظور ہوت، صابر شیرو، حبیب خدابخش، حاجی عبدالستار، محمد رند اور عبدا...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں 20 کلو آٹے کی قیمت میں 500 سے 700 روپے تک کا اضافہ

ضلعی انتظامیہ گرانفروشوں کے خلاف کارروائی اور اشیاء خوردونوش کی مقرر نرخوں پر فروخت یقینی بنانے میں مکمل طور پر ناکام

حکومت نے گندم کی دوسرے صوبوں تک نقل و حمل پر پابندی لگادی جس کی وجہ سے کرپشن کا بازار گرم ہوچکا ہے، رہنما فلور ملز ایسوسی ایشن عاصم رضا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گزشتہ 1 ہفتے کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 500 سے 700 روپے اضافہ ہوگیا پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ گرانفروشی کی روک تھام اور اشیاء خوردونوش کے مقرر کردہ نرخوں پر فروخت کو یقینی بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اسی طرح ملک بھر میں آنے والے سیلاب کی وجہ سے گندم اور آٹے کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے کوئٹہ میں ایک ہفتہ قبل 20 کلو آٹے کی قیمت 1650 روپے سے 1750 روپے تھی ایک ہفتے کے دورا...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ اسرائیلی سفاکیت کی انتہا، حاملہ خاتون سمیت 100 سے زائد فلسطینی شہید

بمباری کا نشانہ بننے والے گھر کے کمرے سے کھلونے اور بچوں کے کپڑے ملے، شہدا کی مجموعی تعداد 63 ہزار 557 ہوگئی

اسرائیلی بمباری کے باعث اب بھی سڑکوں پر ملبے تلے کئی افراد دبے ہوئے ہیں، ہلاکتیں بڑھنے کا خدشہ ہے، وزارت صحت

غزہ (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج کی سفاکیت انتہا کو چھونے لگیں، قابض فوج نے غزہ میں ایک اور حاملہ خاتون کو شہید کردیا، اسرائیلی فوج نے شاتی پناہ گزین کیمپ میں گھر پر راکٹ حملہ کیا، گھر کا ایک حصہ تباہ، حاملہ خاتون جان گنوا بیٹھی، رپورٹس کے مطابق جس گھر کو اسرائیلی فوج نے نشانہ بنایا وہاں کمرے سے کھلونے اور بچوں کے کپڑے ملے جو غالباً خاتون نے اپنے ہونے والے بچے کیلئے تیار کر رکھے تھے، قابض فوج کے ہاتھوں ایک روز میں مزید 100 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے، غزہ میں شہدا کی مجموعی تعداد 63 ہزار 557 ہوگئی جبکہ ایک لاکھ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پشین، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کلی کربلا میں منعقدہ عوامی اجتماع کے موقع پر قومی ترانہ کے احترام میں کھڑے ہیں

ہزارہ مسافروں سے گاڑیاں چھیننا قابل مذمت ہے، ایچ ڈی پی

قومی شاہراہوں پر غنڈہ گردی کے واقعات آئے روز رونما اور مسافر محفوظ نہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے بیان میں قومی شاہراہوں پر غنڈہ گردی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے گزشتہ چند سالوں کے دوران کوئٹہ اسلام آباد سفر کرنے والے ہزارہ مسافروں کے ساتھ شیرانی، زیارت کراس اور ژوب میں پیش آنے والے ناخوشگوار واقعات کو انتظامیہ، صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادار...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ صوبائی سیکرٹریٹ میں جماعت اسلامی صوبائی ذمہ داران کے ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

افغانستان میں تباہ کن زلزلے سے اموات 1400 سے تجاوز، طالبان نے دنیا سے امداد کی اپیل کردی

ہزاروں افراد زخمی، ہزاروں گھر تباہ، فوری امداد کی ضرورت، ہلاکتوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے، ترجمان حکومت ذبیح مجاہد

یورپی یونین نے 130 ٹن سامان اور افغان حکومت کے منجمد اثاثوں میں سے 10 لاکھ یورو بحال کرنے کا اعلان کردیا

کابل (بیورو رپورٹ) افغانستان میں حالیہ برسوں کے سب سے تباہ کن زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 1400 سے تجاوز، ہزاروں افراد زخمی اور ہزاروں گھر تباہ ہوگئے، افغانستان کی حکومت نے دنیا سے مدد کی اپیل کرتے ہوئے کہا فوری امداد کی ضرورت ہے، خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق افغان حکومت کے ترجمان ذبیح مجاہد نے کہا صوبہ کنڑ سب سے زیادہ متاثر ہوا، 1411 افراد جاں بحق اور 3124 زخمی ہوگئے، ہلال احمر افغانستان نے کہا تباہ کن زلزلے سے 3251 افراد زخمی ہوئے، 8 ہزار سے زائد مکانات منہدم ہو چکے، خد...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب کے بعد مالیاتی دباؤ، حکومت کا 4 ہزار 800 ارب روپے قرض لینے کا منصوبہ

قرض میں 2 ہزار 875 ارب ٹریژری بلز اور 2 ہزار ارب انویسٹمنٹ بانڈز (پی آئی بیز) کے ذریعے حاصل کیے جائیں گے

ایک ہزار 200 ارب فکسڈ ریٹ بانڈز، 750 ارب روپے فلوٹنگ ریٹ انسٹرومنٹس کے ذریعے اٹھائے جائیں گے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے ستمبر تا نومبر کے دوران اپنے مالیاتی تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے بینکوں اور کیپٹل مارکیٹس سے تقریباً 4 ہزار 800 ارب روپے قرض لینے کا منصوبہ بنالیا، حالیہ سیلاب کے معاشی اثرات کے بعد مالی دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے، سٹیٹ بینک کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق قرض میں 2 ہزار 875 ارب ٹریژری بلز اور 2 ہزار ارب پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز (پی آئی بیز) کے ذریعے حاصل کیے جائیں گے، پی آئی بیز کے ہدف میں سے ایک ہزار 200 ارب فکسڈ ریٹ بانڈز، 750 ارب روپے فلوٹنگ ریٹ انسٹرو...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں لوٹ مار جاری، جعلی نمائندے مسلط ہیں، مولانا ہدایت الرحمان

عوام مسائل کا شکار، وفاقی و صوبائی حکومتیں صرف تماشا کررہی ہیں، تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ وسائل سے مالا مال بلوچستان پر لوٹ مار لاقانونیت جعلی نمائندے مسلط ہیں حکمرانوں کی وجہ سے مسائل ومشکلات کا شکار، عوام بدحال، نوجوان تاجر سمیت ہر طبقہ پریشان ہیں۔ دیانت دار عوام کو مخلص فارم 45 والے حقیقی نمائندے عوام کو حقوق دلا سکتے...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

میر صادق سنجرانی کے والد میر آصف خان سنجرانی انتقال کرگئے

مرحوم کی تجہیز و تدفین آج ان کے آبائی شہر دالبندین میں صبح 10 بجے ہوگی

گورنر جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا اظہار افسوس و تعزیت

دالبندین + کوئٹہ (نمائندہ خصوصی + خ ن) سابق چیئرمین سینیٹ اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی صادق خان سنجرانی کے والد، خان آصف خان سنجرانی، کراچی کے ایک نجی اسپتال میں مختصر معالات کے بعد انتقال کرگئے۔ مرحوم کی تدفین ان کے آبائی شہر دالبندین میں آج صبح تین ستمبر بروز بدھ دس بجے ہو گی۔ مرحوم بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر اعجا...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اسمبلی اجلاس میں تحریک پیش کررہے ہیں

پیوٹن کی چینی صدر سے ملاقات، صدر شی جن پنگ کو عزیز دوست کہہ کر مخاطب کیا

بیجنگ (بیورو رپورٹ) چین کے صدر شی جن پنگ اور روسی صدر پیوٹن کے درمیان اہم ملاقات ہوئی، بیجنگ میں گرمجوشی سے استقبال کرنے پر روسی صدر پیوٹن نے چینی صدر کا شکریہ ادا کیا اور صدر شی کو عزیز دوست کہہ کر مخاطب کیا، پیوٹن نے کہا روس، چین تعلقات تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں اور دونوں ممالک کی قریبی شراکت داری سٹریٹجک نوعیت کی ہے، چین، روس کا دوسری جنگ عظیم کی سالگرہ ایک ساتھ منانے کا فیصلہ خصوصی اہمیت رکھتا ہے

بھارت کے 10 کروڑ لوگوں کی سیاہ دیوالی شروع اب کہرام مچے گا، انڈین صحافی

ملک میں 10 لاکھ سے زائد افراد جلد بیروزگار ہوجائیں گے، مودی کو سب علم ہے، ونیش کے وہرا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت کے سینئر صحافی اور کالم نگار ونیش کے وہرا نے مودی حکومت کے نام نہاد ترقی کے ماڈل کو بے نقاب کرتے ہوئے انکشاف کیا جلد لاکھوں بھارتی بے روزگار ہونے والے ہیں، اپنے ویڈیو پیغام میں سینئر صحافی نے نہ صرف بر...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

پانڈا بانڈز کے اجرا میں چینی بینکوں سے تعاون حاصل کریں گے، وزیر خزانہ

بیجنگ (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ اور محمد اورنگزیب نے کہا ہے پانڈا بانڈز کے اجرا میں بینکوں سے بھرپور سپورٹ حاصل کریں گے اور منصوبہ آن ٹریک ہے، وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب نے گورنر بینک آف چائنا اور انڈسٹریل اینڈ کمرشل بینک آف چائنا کے حکام سے ملاقات میں پانڈا بانڈز کے اجرا، پاکستان کی معاشی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا، بینک آف چائنا اور انڈسٹریل اینڈ کمرشل بینک آف چائنا نے پانڈا بانڈز کے اجرا میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرا دی، وزیر خزانہ اورنگزیب نے کہا پانڈا بانڈز کے اجرا میں بینکوں سے بھرپور سپورٹ حاصل کریں گے

صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی اسمبلی اجلاس میں بلوچستان سیف اینڈ انوائرمنٹل ساؤنڈ ری سائیکلنگ آف شپس کا مسودہ قانون پیش کررہے ہیں

خیبر پختونخواہ کے متاثرین کو 30 کروڑ فراہم کرچکے، الخدمت فاؤنڈیشن

ہمارے 10 ہزار سے زائد رضاکار متاثرہ علاقوں میں سرگرم عمل ہیں، جمیل احمد کرد

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر انجینئر جمیل احمد کرد، سیکرٹری جنرل عبدالمجید سربازی نے کہا کہ الحمدللہ الخدمت فاؤنڈیشن خیبر پختونخواہ سیلاب متاثرین کو اب تک 30 کروڑ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کرچکی ہے اور اب 50 کروڑ روپے مالیت سے بحالی و تعمیر نو کے مرحلے کا آغاز کررہی ہے۔ بلوچستان کے مخیر...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیلی کام سیکٹر میں کارٹیلائزیشن، 50 کروڑ روپے کی ریکوری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے ٹیلی کام سیکٹر میں لانگ ڈسٹنس انٹرنیشنل آپریٹرز (ایل ڈی آئی) کے کارٹیلائزیشن کیس میں جرمانے کی مد میں 50 کروڑ روپے کی ریکوری کرلی، جرمانے کی مد میں پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے 45 کروڑ 80 لاکھ، ایم / ایس لنک ڈاٹ نیٹ نے ساڑھے 3 کروڑ روپے جمع کرائے۔

کالا باغ ڈیم کا منصوبہ ہمیشہ کیلئے دفن ہوچکا، زمرک خان اچکزئی

قوم کو ترک کی حق کے پیچھے لگانے کی بجائے پانی کے مستقل حل کی طرف بڑھنا ہوگا، پارلیمانی لیڈر

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے کالا باغ ڈیم سے متعلق بیان پر انتہائی افسوس ہوا، رہنماء اے این پی

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے کالا باغ ڈیم کے متعلق بیان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کالا باغ ڈیم کا منصوبہ ہمیشہ کیلئے دفن ہوچکا ہے اور اس منصوبے...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، سربراہ نیشنل پارٹی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا دورہ سول ہسپتال

رکن اسمبلی کو طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم سروسز اور درپیش مسائل پر بریفنگ

تربت (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے سول ہسپتال کا دورہ، کیا جہاں انہیں طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سروسز اور درپیش مسائل پر بریفنگ دی گئی اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے ڈاکٹروں اور عملے سے ملاقات کی اور ان کی محنت اور خدمات کو سراہا رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ عوام کو معیاری صحت عامہ کی سہولیات...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں اسرائیل فاتح تو ہے مگر دنیا کی نظروں سے مسلسل گر رہا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

2023 میں حماس حملے کے بعد سے اسرائیل کیلئے ہمدردی پیدا ہوئی تھی لیکن وقت گزرنے کیساتھ لوگ بھولتے جارہے ہیں

غزہ میں جنگ جاری رکھنے سے اسرائیل کی ساکھ بری طرح متاثر ہورہی ہے، جنگ ختم کرنی ہوگی، امریکی صدر کا انٹرویو

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے غزہ کی جنگ اسرائیل کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہی ہے، 2023 میں 7 اکتوبر کو حماس حملے کے بعد سے اسرائیل کیلئے ہمدردی پیدا ہوئی تھی لیکن وقت گزرنے کیساتھ لوگ بھولتے جارہے ہیں، انٹرویو میں ٹرمپ نے کہا ماضی میں اسرائیل امریکی کانگریس میں سب سے طاقتور لابی تھی، سیاست دان خلاف بات کرنے سے گریز کرتے تھے اب حالات یکسر بدل چکے اور اسرائیل کی لابی خاص طور پر کانگریس میں کافی کمزور ہوئی اسرائیل اگرچہ غزہ کی جنگ میں فوجی اعتبار سے کامیابیاں حاصل کر...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کا اعتماد ہی ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہے، بخت کاکڑ

ہمارا کام صرف قانون سازی نہیں عوام کے درمیان رہ کر ان کا دکھ درد بانٹنا بھی ہے، وزیر صحت

حکومت صحت، تعلیم اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھارہی ہے، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ہی اصل سیاست ہے، عوام کے مسائل براہ راست سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا میری اولین ترجیح ہے وہ منگل کو سول سیکرٹریٹ میں اپنے دفتر میں مختلف عوامی وفو...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں حکومتی رٹ کہیں نظر نہیں آرہی، محمد عبدالقادر

مہنگائی عروج پر، حکومت نے چینی مافیاز کے خلاف زبانی جمع خرچ سے زیادہ کچھ نہیں کیا

قیمتوں میں اضافہ کے ساتھ ہی ذخیرہ اندوز سرگرم اور ملک بھر سے آٹا غائب کردیا، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک میں حکومت کی رٹ کہیں نظر نہیں آتی اسی لئے ملک اس وقت مختلف مافیاز کے کنٹرول میں نظر آتا ہے بے بس عوام کہیں لینڈ مافیا کے ہاتھوں لٹ رہے ہیں تو کہیں...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

زرمبادلہ ذخائر 14.3، ترسیلات زر 38 ارب ڈالر سے زائد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیکسٹائل کونسل کے سالانہ اجلاس میں ملکی معیشت، زرمبادلہ ذخائر، برآمدی شعبے کے مسائل، حل پر تبادلہ خیال، توانائی، اجرتی لاگت کیلئے سبسڈی شدہ فنانسنگ سہولت فراہم کرنے پر زور دیا گیا، کراچی میں ہونے والے اجلاس میں گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد سمیت کاروباری افراد اور صنعت کاروں نے شرکت کی، گورنر سٹیٹ بینک نے کہا پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر بڑھ کر 14.3 ارب ڈالر تک پہنچ چکے

رواں برس پاکستان میں کوہ پیماؤں کی آمد میں متاثر کن کمی ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خطے کی صورتحال اور موسمی حالات کی وجہ سے رواں برس پاکستان میں کوہ پیماؤں کی آمد میں کمی ہوئی، الپائن کلب کے مطابق رواں برس صرف 270 کوہ پیماؤں نے مختلف چوٹیوں کو سر کرنے کیلئے پاکستان کا رخ کیا، دوسری جانب رواں برس صرف 40 کوہ پیماؤں نے کے ٹو اور 25 نے نانگا پربت سر کیا، پاکستان میں 8 ہزار میٹر سے بلند 5 چوٹیاں موجود ہیں، مختلف کوہ پیما ہر سال کے ٹو، نانگا پربت، براڈ پیک، گیشر برم ون اور گیشر برم ٹو سر کرنے پاکستان آتے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر ... خالد خان مگسی، ایم این اے ... بلوچ و دیگر سیلاب کی صورتحال پر تبادلہ خیال کررہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو اسمبلی اجلاس کے بعد ملاقات کرنے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

برطانیہ کا غزہ کے بچوں کے مکمل علاج، طلبہ کو سکالرشپس دینے کا اعلان

مزید آپریشن کی اجازت نہیں دے سکتے، برطانیہ جلد فلسطینی ریاست کو تسلیم کرلے گا

لندن (بیورو رپورٹ) برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی نے پارلیمان سے خطاب میں اسرائیلی حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے غزہ میں قحط پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا غزہ میں کوئی قدرتی آفت نہیں بلکہ 21 ویں صدی کا انسانوں کا پیدا کردہ قحط ہے، اسر...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج کے جوانوں نے ملکی استحکام کیلئے جانوں کی قربانیاں دیں، نواب زہری

گلگت بلتستان میں ہیلی کاپٹر حادثہ قومی سانحہ سے کم نہیں، چیف آف جھالاوان

پاک افواج کی خدمات ناقابل فراموش، پوری قوم کو ان سپوتوں پر فخر ہے، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناءاللہ خان زہری نے گلگت بلتستان کے علاقے میں پاک فوج کے ہیلی کاپٹر کو پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے واقعے میں پاک فوج کے دو میجرز سمیت دیگر اہلکاروں کی شہادت پر انہوں نے شہداء کے درجات...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

شارجہ 3 ملکی سیریز، افغانستان نے پاکستان کو 18 رنز سے شکست دیدی

افغانستان کے 170 رنز کے ہدف کے جواب میں پاکستان کی ٹیم 9 وکٹوں کے نقصان پر 151 رنز بناسکی

حارث رؤف نے 34، فخر زمان نے 25، سلمان آغا نے 20، صاحبزادہ فرحان صرف 18 رنز بنا سکے

سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے چوتھے میچ میں افغانستان نے پاکستان کو 18 رنز سے شکست دے دی۔ شارجہ میں کھیلے گئے میچ میں افغانستان نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ افغانستان نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹ کے نقصان پر 169 رنز بنائے۔ افغانستان کی جانب سے ابراہیم زادران نے 65 اور صدیق اللہ نے 64 رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے فہیم اشرف نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، صائم ایوب نے 4 اوورز میں 18 رنز دے کر ایک وکٹ حاصل کی۔...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

مودی کی مشکلات میں اضافہ، سعودی عرب اور عراق نے بھارت کو پیٹرول کی فراہمی بند کردی

حکومت کی بدترین کارکردگی اور بے جا ہٹ دھرمی کے باعث بھارت کی سفارتی تنہائی اور معاشی مشکلات بڑھ گئیں

تیل کی فروخت روکنے کا اقدام یورپی یونین کی جانب سے روسی حمایت یافتہ کمپنیوں پر پابندیوں کے بعد کیا گیا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) مودی حکومت کی بدترین کارکردگی اور بے جا ہٹ دھرمی کے باعث بھارت سفارتی تنہائی اور معاشی مشکلات کا شکار ہوگیا، برطانوی خبر رساں ایجنسی رائٹرز کے مطابق سعودی عرب کی سرکاری تیل کمپنی آرامکو نے بھارتی کمپنی نیارا انرجی ریفائنری کو خام تیل کی فراہمی روک دی، عراق کی سرکاری آئل مارکیٹنگ کمپنی سومو (SOMO) نے بھی بھارتی کمپنی نیارا انرجی کو تیل بیچنا بند کردیا، رائٹرز کے بقول اقدام یورپی یونین کی جانب سے روسی حمایت یافتہ کمپنیوں پر پابندیوں کے بعد کیا گیا، جولائی کے بعد سے بھارتی انر...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر